نیو یارک سٹی ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن

مجوزہ قانون پر عوامی سماعت اور تاثرات پیش کرنے کے موقع کا نوٹس

ہم کیا تجویز کر رہے ہیں؟ نیویارک سٹی ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن (Human Resources Administration, HRA) کی جانب سے قوانین برائے نیویارک شہر (Rules of the City of New York) کے عنوان 68 میں ترمیم کرتے ہوئے ایک نیا باب نمبر 10 شامل کرنے کی تجویز پیش کی جاتی ہے، جو CITYFHEPS کے عنوان کے حامل شہر کے ایک نئے کرایہ جاتی اعانت کے پروگرام کو تشکیل دے گا۔ یہ نیا پروگرام، جو گھرانوں اور افراد دونوں کو خدمات مہیا کرے گا، دیگر کئی شہری کرایہ جاتی اعانت کے پروگرامز کی جگہ نافذ العمل ہو گا اور شہری کرایہ جاتی اعانت کو موجودہ خاندانوں کی بے خانگی اور بے دخلی کی روک تھام کے اضافی ریاستی (State Family Homelessness & Eviction Prevention Supplement (FHEPS) پروگرام کے ساتھ مزید ہم آہنگ کرے گا۔

سماعت کب اور کہاں پر ہے؟ نیو یارک سٹی ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن مجوزہ قانون پر ایک عوامی سماعت منعقد کرے گی۔ عوامی سماعت 21 اگست 2018 کو صبح 9:30 بجے ہوگی۔ سماعت کا انعقاد Manhattan میں 125 Worth Street, 2nd Floor پر ہو گا۔ براہ کرم Lafayette Street سے داخل ہوں۔

میں مجوزہ اصولوں پر اپنے تاثرات کیسے پیش کروں؟ کوئی بھی شخص درج ذیل طریقے سے مجوزہ اصولوں پر اپنے تاثرات پیش کر سکتا ہے:

- **ویب سائٹ۔** آپ http://rules.cityofnewyork.us پر NYC قوانین کی ویب سائٹ کی معرفت HRA کو اپنے تاثرات جمع کرا سکتے ہیں۔

- **ای میل۔** آپ اپنے تاثرات NYCRules@hra.nyc.gov پر ای میل کر سکتے ہیں۔ براہ کرم اپنی ای میل کے موضوع میں "CITYFHEPS" درج کریں۔

- **ڈاک۔** آپ اپنے تاثرات اس پتے پر بذریعہ ڈاک ارسال کر سکتے ہیں:

  HRA Rules
  150 Greenwich Street, 38th Floor
  New York, NY 10007

  براہِ کرم اس بات کی وضاحت کر دیجیے گا کہ آپ CITYFHEPS کے قانون پر اپنے تاثرات پیش کر رہے ہیں۔

- **فیکس۔** آپ اپنے تاثرات 917-639-0413 پر فیکس کر سکتے ہیں۔ براہ کرم اپنی ای میل کے موضوع میں ‘‘CITYFHEPS’’ درج کریں۔

- **سماعت کے دوران بات کرکے۔** عوامی سماعت میں مجوزہ قانون پر اپنے تاثرات پیش کرنے کے خواہاں کسی بھی شخص کو بولنے کے لیے سائن اپ کرنا ضروری ہے۔ آپ سماعت سے پہلے 929-221-6690 پر فون کرکے سائن اپ کر سکتے ہیں۔ آپ 21 اگست 2018 کو سماعت شروع ہونے سے قبل، کمرۂ سماعت میں بھی سائن اپ کر سکتے ہیں۔ آپ کو تین منٹ تک بولنے کی اجازت ہوگی۔

کیا تاثرات جمع کرانے کی کوئی آخری تاریخ ہے؟ تاثرات جمع کرانے کی آخری تاریخ 21 اگست 2018 ہے۔

اگر مجھے سماعت میں شرکت کے لیے اعانت درکار ہو تو کیا ہو گا؟

اگر سماعت کے دوران آپ کو کسی غیر ملکی زبان کے مترجم، علامتی زبان کے مترجم یا کسی بھی قسم کی عدم استطاعت کی صورت میں مناسب سہولت درکار ہو تو آپ کو اس حوالے سے ہمیں آگاہ کرنا لازمی ہے۔ آپ درج بالا پتے پر بذریعہ ڈاک ہمیں آگاہ کر سکتے ہیں۔ آپ 929-221-6690 پر فون کرکے بھی ہمیں بتا سکتے ہیں۔ آپ سے پیشگی اطلاع کی درخواست کی جاتی ہے تاکہ انتظامات کے لئے خاطر خواہ وقت دستیاب ہو سکے۔ براہِ کرم ہمیں 14 اگست 2018 تک مطلع کر دیں۔

اس مقام تک پہنچنے کے لیے درج ذیل اختیار (اختیارات) دستیاب ہیں: وہیل چیئر اور دیگر حرکت پذیر چیزیں استعمال کرنے والے افراد اس مقام تک پہنچ سکتے ہیں۔ اس مقام تک رسائی کے حوالے سے اضافی درخواستوں کے لیے براہ کرم 14 اگست 2018 تک مذکورہ بالا ڈاک یا بذریعہ ٹیلیفون HRA قوانین سے رابطہ کریں۔

کیا میں مجوزہ اصولوں پر دیئے گئے تاثرات کا جائزہ لے سکتا ہوں؟ آپ ویب سائٹ http://rules.cityofnewyork.us/ پر جاکر مجوزہ اصولوں پر آن لائن دیئے گئے تاثرات کا جائزہ لے سکتے ہیں۔ سماعت کے کچھ دنوں بعد، آن لائن جمع کردہ تمام تاثرات کی نقول، تمام تحریری تاثرات کی نقول، اور مجوزہ اصول کے متعلق زبانی تاثرات کا خلاصہ، HRA کی ویب سائٹ پر عوام کے لیے دستیاب ہو گا۔

اس اصول کو مرتب کرنے کے لیے HRA کو کون مجاز بناتا ہے؟ شہری منشور کے سیکشنز 603 اور 1043، اور نیویارک کے قانون برائے سماجی خدمات (New York Social Services Law) کے سیکشنز 34، 56، 61، 62، 77 اور 131-a، HRA کو یہ مجوزہ اصول مرتب کرنے کا مجاز بناتے ہیں۔

مجھے HRA کے اصول کہاں سے مل سکتے ہیں؟ HRA کے اصول نیو یارک شہر کے اصول و قوانین (Rules of the City of New York) کے عنوان 68 کے تحت موجود ہیں۔

اصول سازی کا عمل کن اصولوں کے تابع ہے؟ HRA کو اصول بنانے یا ان میں تبدیلی کرتے وقت شہری منشور کے سیکشن 1043 کے تقاضوں کو پورا کرنا ضروری ہے۔ یہ نوٹس شہری منشور کے سیکشن 1043 کے تقاضوں کے مطابق مرتب کیا گیا ہے۔

قانون کی بنیاد اور مقصد کا اعلامیہ

شہری منشور کے سیکشنز 603 اور 1043، اور نیویارک کے قانون برائے سماجی خدمات (New York Social Services Law) کے سیکشنز 34، 56، 61، 62، 77 اور 131-a، HRA کو یہ مجوزہ اصول مرتب کرنے کا مجاز بناتے ہیں۔

پس منظر

ستمبر 2014 میں، شہر نے نیویارک شہر کے شعبۂ خدمات برائے بے گھر افراد (Department of Homeless Services (DHS)) اور نیویارک سٹی ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن (HRA) کی پناہ گاہوں میں موجود بال بچے دار گھرانوں کے لیے معاشرتی حلقوں میں رہائش (LINC) کے I، II اور III کرایہ جاتی اعانت کے پروگرامز متعارف کرائے۔ ان کے بعد پناہ گاہ میں موجود تنہا بالغ افراد اور بالغ گھرانوں کے لیے LINC IV اور V پروگرامز یا پناہ گاہ میں داخلے کے خطرے سے دوچار بالغ افراد اور بالغ گھرانوں کے لیے LINC VI پروگرام، جو پناہ گاہ میں موجود ایسے خاندانوں کو کرایہ جاتی اعانت مہیا کرتا ہے جو افرادِ خانہ اور دوستوں کے ساتھ رہائش پانے کے اہل ہوں، گھرانوں کی بے دخلی سے تحفظ کا شہری اضافی (City Family Eviction Prevention Supplement) اور گھرانوں کے اخراجی منصوبے کا شہری اضافی (City Exit Plan Supplement (CITYFEPS)) پروگرامز، خصوصی اخراج اور تحفظ کا اضافی (Special Exit and Prevention Supplement (SEPS)) پروگرام اور HRA ہوم کا کرایہ دار پر مبنی کرایہ جاتی اعانت (HRA HOME Tenant-Based Rental Assistance (HRA HOME TBRA) کا پروگرام متعارف کرائے گئے۔ مجموعی طور پر یہ پروگرامز، شہر کے دیگر بحالئ رہائش کے اقدامات کے ساتھ مل کر، 87,000 لوگوں کے شہری پناہ گاہ سے اخراج یا داخلے سے تحفظ میں مددگار بنے ہیں۔

ستمبر 2017 میں، *Tejada v. Roberts* کی عدالت، انڈیکس نمبر *453245/2015* (Sup. Ct. NY County) نے ایک ایسی قیام گاہ کا حکمنامہ جاری کیا جس نے نیویارک کے گھرانوں کی بے دخلی سے تحفظ کے ریاستی اضافی (FEPS) پروگرام کی جگہ کرایوں میں زیادہ بلند سطح کے اضافہ جات کا حامل ایک وسیع تر پروگرام خاندانوں کی بے خانگی اور بے دخلی کی روک تھام کے اضافی (FHEPS) پروگرام کے نفاذ کی راہ ہموار کی۔ HRA کے CITYFEPS پروگرام میں شامل بہت سے گھرانوں اور LINC III میں شامل بیشتر گھرانوں کو دسمبر 2017 میں FHEPS میں منتقل کر دیا گیا تھا۔

پناہ گاہ میں موجود یا پناہ گاہ میں داخلے کے خطرے سے دوچار خاندانوں اور شہری کرایہ جاتی اعانت کو وفاقی FHEPS کے ساتھ مزید مربوط کرنے کے عمل کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے شہر کی جانب سے تعاون کردہ مختلف کرایہ جاتی پروگرامز کا نظم و نسق زیادہ مفید و مؤثر انداز میں چلانے کے لیے، HRA اب CITYFHEPS کی تجویز پیش کرتا ہے، جوکہ ایک ایسا واحد منظم پروگرام ہے جو موجودہ LINC I, II, IV اور V پروگرامز، SEPS پروگرام، اور LINC III اور CITYFEPS پروگرامز کے باقی ماندہ اجزاء کی جگہ نافذ العمل ہو گا۔ HRA، ذریعۂ آمدنی کے حوالے سے امتیازات اور رہائشی بازار میں مراعات یافتہ واؤچرز کی مزاحمت کے مسائل سے نمٹنے کے لیے کام کر رہا ہے، اور ایک منظم و باقاعدہ پروگرام اس مقصد میں مزید پیش رفت لائے گا۔

فی الحال دیگر شہری کرایہ جاتی اعانت وصول نہ کرنے والے وہ خاندان جو CITYFHEPS کے ابتدائی اہلیتی لوازمات پر پورا اترتے ہوں، انہیں اس قانون کی نافذ العمل تاریخ سے CITYFHEPS کے پاس ایک رہائشی یونٹ محفوظ کرانے کا موقع حاصل ہو گا۔ وہ خاندان جو فی الحال دیگر شہری کرایہ جاتی اعانت وصول کر رہے ہیں، انہیں CITYFHEPS میں منتقل کر دیا جائے

گا اور سابقہ پروگرامز خارج از نفاذ ہو جائیں گے، جبکہ ان پروگرامز میں اس قانون کی نافذ العمل تاریخ کے بعد کسی بھی نئے خاندان کو داخل نہیں کیا جائے گا۔[1] فی الحال LINC VI میں شرکت کرنے والے خاندانوں کی استثناء کے ساتھ، LINC، CITYFEPS اور SEPS پروگرامز میں شرکت پذیر خاندانوں کو CITYFHEPS پروگرام میں اُس وقت تک کے لیے منتقل کر دیا جائے گا جب تک وہ آمدنی کے اہل ہوں اور اُس رہائشی یونٹ میں قیام جاری رکھیں جس پر ان کی LINC، CITYFEPS یا SEPS کرایہ جاتی اعانت کا فی الوقت اطلاق ہوتا ہو (یا HRA کی جانب سے انہیں نئے رہائشی یونٹ میں منتقلی کی منظوری دے دی گئی ہو)۔ [2]

دفعات کا خلاصہ

نیا باب نمبر 10 درج ذیل امور کی تکمیل کرے گا:

- نئے CITYFHEPS پروگرام کے نظم و نسق سے متعلقہ تعریفات وضع کرے گا۔
- شہر کے رہائشیوں کے لیے اہلیتی لوازمات وضع کرے گا۔ یہ مختلف ہوتے ہیں جن کا انحصار (دیگر چیزوں کے ساتھ) اس بات پر ہو گا کہ آیا خاندان پناہ گاہ میں ہے۔
- HRA کو "CITYFHEPS استحقاقی پروگرامز" کے تقرر کی اجازت فراہم کرے گا جس سے وہ حوالے وصول کرے گا تاکہ پناہ گاہ میں داخلے کا راستہ روکا جائے یا پہلے سے پناہ گاہ میں موجود خاندان کے قیام کو مختصر کیا جا سکے۔
- مختلف نوعیت کی رہائش کے لیے زیادہ سے زیادہ ماہانہ کرایہ جات اور کرایہ جاتی اعانت کی حامل ادائیگیاں مختص کرنا۔ اپارٹمنٹ کے زیادہ سے زیادہ کرایوں کا اندراج، NYC بورڈ برائے کرایہ جاتی ہدایات (NYC Rent Guidelines Board) کی جانب سے مرتب کردہ کرایوں میں سالانہ اضافہ جات کے لحاظ سے کیا جائے گا۔
- پروگرام کے پہلے سال کے بعد تجدید کے معیار پیمانے کو متعین کیا جائے گا، جیسے کہ مخصوص حالات کے تحت پانچ سال بعد تجدید کی اجازت دینا۔
- حالات تبدیل ہونے پر ادائیگی کی رقوم میں کمی بیشی کی اجازت دینا۔
- موجودہ کرایہ جاتی اعانت کے پروگرامز (LINC، SEPS اور CITYFEPS) سے نئے CITYFHEPS میں باقاعدہ منتقلی کی راہ ہموار کرنا۔
- پروگرام میں شرکت جاری رکھنے کے لیے مالک مکان اور شریک فرد کے لوازمات کو وضع کرنا۔
- جائزہ کانفرنس اور اپیل کا طریقہ کار، اور مختلف نوعیت کے اضافی متفرق معاملات کو وضع کرنا جیسے کہ یہ حقیقت کہ HRA کی جانب سے منتظر افراد کی فہرست مرتب نہیں کی جائے گی۔

نیا متن <u>خط کشیدہ</u> ہے۔

نیویارک سٹی ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن کی جانب سے قوانین برائے نیویارک شہر کے عنوان 68 میں باب نمبر 10 شامل کرنے کے لیے ترمیم کی تجویز دی گئی ہے، جس کا مضمون حسب ذیل ہے:

---

[1] پروگرامز جیسے جیسے اگلے سال تک خارج از نفاذ ہوتے چلے جائیں گے، سابقہ پروگرامز کے اصول و قوانین بھی منسوخ ہوجائیں گے۔
[2] فی الحال LINC VI میں شرکت پذیر خاندان اُس وقت تک اس پروگرام میں شرکت کو جاری رکھیں گے جب تک کہ وہ اس کے اہل رہیں۔ تاہم، LINC VI میں کسی نئے خاندان کا اندراج نہیں ہو گا۔ بلکہ، میزبان گھرانوں کے ساتھ منتقل ہونے والے خاندانوں کو یہ موقع حاصل ہو گا کہ وہ ایک ایسے ہی پروگرام، جسے پاتھ وے ہوم کہا جاتا ہے، کے لیے درخواست دے دیں، جس کی تجویز HRA کی جانب سے فی الحال بیک وقت ایک مختلف قانون میں دی جا رہی ہے۔

§10-01 تعریفات۔

اس باب کے مقاصد کے لیے، درج ذیل اصطلاحات کا مفہوم حسب ذیل ہو گا:

(a) "ACS" کا مطلب نیو یارک سٹی ایڈمنسٹریشن برائے خدماتِ اطفال (New York City Administration for Children's Services)۔

(b) "خاندان کا بالغ فرد" سے مراد خاندان کا وہ فرد ہے جس کی عمر کم از کم 21 سال ہو، یا اگر کوئی بھی فرد 21 سال کا نہ ہو تو کم از کم 18 سے 20 سال کی عمر کا ہو۔

(c) "اپارٹمنٹ" سے مراد ایک SRO کے علاوہ کوئی نجی رہائش گاہ ہے۔

(d) "CITYFEPS" کا مطلب کرایہ جاتی اعانت کے پروگرامز ہیں جنہیں اس عنوان کے باب 8 کے ذیلی باب A کے مطابق تشکیل دیا گیا ہے۔

(e) "CITYFHEPS" کا مطلب اس باب میں بیان کردہ CITYFHEPS پروگرام ہے۔

(f) "CITYFHEPS استحقاقی پروگرام" ایک ایسا شہری پروگرام ہے جسے کمشنر کی جانب سے ایسے پروگرام کے طور پر مقرر کیا گیا ہے جس سے CITYFHEPS ،HRA کے لیے حوالے قبول کرے گا تاکہ HRA یا DHS کی کسی پناہ گاہ میں داخلے کا راستہ روکا جا سکے یا HRA یا DHS کی پناہ گاہ میں قیام کو مختصر کیا جا سکے۔ CITYFHEPS استحقاقی پروگرامز میں، کمشنر کی جانب سے مستقبل میں کسی بھی قسم کے مقرر کیے جانے والے پروگرامز کے ساتھ ساتھ درج ذیل پروگرام شامل ہوں گے: (1) گھرانوں کی یکجائی، تحفظ یا خود مختار زندگی کے مقصد کے تحت ACS منصوبے کو باسہولت بنانے کے لیے ACS سے حوالوں کی وصولی؛ (2) تین چوتھائی رہائشی ٹاسک فورس سے حوالوں کی وصولی؛ (3) DYCD سے حوالوں کی وصولی؛ یا (4) نیویارک شہر کے شعبۂ تصحیح (New York City Department of Correction) سے حوالوں کی وصولی۔

(g) "CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کی مد میں ادائیگیاں" سے مراد اس باب کے تناظر میں کی جانے والی کرائے کی ادائیگیاں ہیں۔

(h) "CITYFHEPS یونٹ" سے مراد ایک ایسا رہائشی یونٹ ہے جس پر CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کی مد میں ادائیگیوں کا اطلاق کیا جا رہا ہو۔

(i) "کمشنر" سے مراد DSS کا کمشنر یا کمشنر کا نمائندہ فرد ہے۔

(j) "DHS" کا مطلب ہے نیو یارک شہر کا شعبۂ خدمات برائے بے گھر افراد۔

(k) "گھرانوں کے لیے DHS پناہ گاہ" سے مراد بال بچے دار گھرانوں یا بالغ گھرانوں کے لیے مختص ایک پناہ گاہ ہے جس کا انتظام بذاتِ خود DHS یا اس کی طرف سے کوئی اور چلاتا ہے۔

(l) "بالغ فردِ واحد کے لیے DHS پناہ گاہ" کا مطلب تنہا بالغ افراد کے لیے ایک پناہ گاہ ہے جس کا انتظام بذاتِ خود DHS یا اس کی طرف سے کوئی اور چلاتا ہے۔

(m) "DYCD" کا مطلب ہے نیویارک شہر کا شعبہ برائے فروغِ نوجوانان و معاشرہ (Department of Youth and Community Development)۔

(n) "کمائی ہوئی آمدنی" کی تعریف اور اس کا حساب کتاب، نیو یارک کے مجموعۂ قوانین، اصول اور ضوابط (New York Codes, Rules and Regulations) کے عنوان 18 کے سیکشن 352.17 میں درج ہدایات کے مطابق کیا جاتا ہے، سوائے اس کے کہ اس میں JTP پروگرام اور SYEP پروگرام، جن کی تعریف اس سیکشن کی ذیلی شقوں (v) اور (ss) میں کی گئی ہے، میں شرکت کے ذریعے کمائی ہوئی آمدنی شامل نہ ہو۔

(o) "معذوری کی صورت میں وفاقی مراعات" سے مراد وفاقی قانون برائے سماجی تحفظ (Social Security Act) کے عنوان II کے تحت معذوری کی صورت میں سماجی تحفظ کے بیمہ جاتی فوائد، وفاقی قانون برائے سماجی تحفظ کے عنوان XVI کے تحت اضافی تحفظاتی آمدنی، امریکی قانون (United States Code) کے عنوان 38 کے حصہ II کے باب 11 کے ذیلی باب II یا ذیلی باب IV کی رو سے ملازمتی ذمہ داریوں کے دوران لگنے والی چوٹ یا بیماری کے باعث ہونے والی معذوری کے لیے معاوضے کی ادائیگی، یا امریکی قانون کے حصہ II کے باب 15 کے ذیلی باب II کے مطابق ملازمتی ذمہ داریوں سے غیر منسلک معذوری کی پینشن ہے۔

(p) "FHEPS" سے مراد نیویارک کا خاندان کی بے خانگی اور بے دخلی سے تحفظ کا وفاقی اضافی (New York State Family Homelessness and Eviction Prevention Supplement) پروگرام ہے۔

(q) "FPL" کا مطلب غربت کی وفاقی سطح ہے جسے امریکی شعبہ برائے صحت و انسانی خدمات (United States Department of Health and Human Services) کی جانب سے سالانہ بنیاد پر مقرر کیا جاتا ہے۔

(r) "مجموعی آمدنی" کا مطلب ہے کمائی ہوئی آمدنی اور بغیر کمائی ہوئی آمدنی کا مجموعہ، جس کی توضیح اس سیکشن کی ذیلی شقوں (nn) اور (vv) میں کی گئی ہے۔ خاندان کی مجموعی آمدنی کا شمار کرتے ہوئے، آمدنی کی کٹوتیوں بشمول نیویارک کے مجموعۂ قوانین، اصول اور ضوابط کے عنوان 18 کے سیکشن 387.12 میں مذکور کٹوتیوں کا اطلاق نہیں ہو گا۔

(s) "خاندان" سے مراد وہ فرد یا افراد ہیں جو ایک ساتھ CITYFHEPS یونٹ میں رہائش اختیار کیے ہوئے ہوں یا کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں۔

(t) "HRA" کا مطلب ہے نیو یارک سٹی ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن۔

(u) "HRA کی پناہ گاہ" سے مراد گھریلو تشدد کی صورت میں پناہ گاہ ہے جس کا نظم و نسق نیویارک کے مجموعۂ قوانین، اصول اور ضوابط کے عنوان 18 کےحصہ 452 کی رو سے بذات خود HRA یا اس کی جانب سے کوئی اور چلاتا ہے۔

(v) "JTP" سے مراد ہے ملازمتی تربیت کا پروگرام (Job Training Program) ہے جس کا نظم و نسق HRA کی جانب سے چلایا جاتا ہے اور جس میں شہری ایجنسیاں، PA وصول کنندگان کو تنخواہ دار ملازمت کے تجربے اور کیریئر میں ترقی کے مواقعوں کی حامل تربیت فراہم کرتی ہیں۔

(w) "LINC VI" سے مراد اس عنوان کے باب 7 کے ذیلی باب C کے بموجب مرتب شدہ کرایہ جاتی اعانت کا پروگرام ہے۔

(x) "LINC تصدیقی مراسلہ" نیویارک شہر کے قوانین (Rules of the City of New York) کے مجموعی 68 ابواب میں سے باب 7 کے مطابق جاری کردہ تصدیقی مراسلہ ہے۔

(y) "LINC پروگرامز" سے مراد وہ پروگرامز ہیں جو اس عنوان کے باب 7 کے ذیلی ابواب A اور B میں بیان کیے گئے ہیں۔
(p) "بنیادی کرایہ دار" وہ فرد ہے جس کا نام لیز پر درج ہو یا جس پر کسی رہائش گاہ کے ماہانہ کرایے کی ادائیگی کی بنیادی ذمہ داری عائد ہوتی ہو۔

(z) "زیادہ سے زیادہ ماہانہ کرایہ" سے مراد وہ رقم ہے جس کا تعین اس باب کے سیکشن 05-10 کے مطابق کیا گیا ہو، وہ یہ کہ کسی CITYFHEPS یونٹ کے کرائے میں کرایہ جاتی معاہدے کے پہلے سال کے دوران تجاوز نہیں ہوسکتا اور جس میں سے CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کی ادائیگی کی رقم کا حساب کتاب کیا جاتا ہے۔

(aa) "پناہ گاہ کا زیادہ سے زیادہ PA وظیفہ" کا مطلب نیویارک کے مجموعۂ قوانین، اصول اور ضوابط کے عنوان 18 کے سیکشن 352.3(a)(1) میں مرتب کردہ گوشواروں کے مطابق ہر PA گھرانے کے لیے پناہ گاہ کا زیادہ سے زیادہ ماہانہ وظیفہ ہے۔

(bb) "NPA کے رکن" سے مراد وہ فرد ہے جو CITYFHEPS خاندان کا رکن ہو لیکن نیویارک کے مجموعۂ قوانین، اصول اور ضوابط کے عنوان 18 کے سیکشن 349.3 سے مطابقت کے علاوہ، کسی اور وجہ سے PA خاندان کا رکن نہ ہو۔

(cc) "نیویارک شہر کا شعبہ برائے سماجی خدمات" یا “DSS” سے مراد HRA اور DHS پر مشتمل ادارہ ہے۔

(dd) "PA" سے مراد سرکاری اعانت کے فوائد، بشمول ماہانہ عطیات اور پناہ گاہ کے وظائف ہیں، جنہیں نیو یارک کے قانون برائے سماجی خدمات 349 § کے بموجب خاندان کی اعانت (Family Assistance) کے پروگرام اور/یا نیو یارک کے قانون برائے سماجی خدمات 159 § کے بموجب حفاظتی اعانت (Safety Net Assistance) کے پروگرام، اور ان کے تحت نافذ کردہ ضوابط کے ضمن میں جاری کیے جاتے ہیں۔

(ee) "PA خاندان" سے مراد خاندان کے وہ افراد ہیں جو PA فوائد و مراعات کے لیے درخواست دیں اور ان کی درخواست منظور ہو جائے۔

(ff) "پاتھ وے ہوم" کا مطلب اس عنوان کے باب 11 کے تحت مرتب کردہ کرایہ جاتی اعانت کا پروگرام ہے۔

(gg) "بنیادی کرایہ دار" وہ فرد ہے جس کا نام لیز پر درج ہو یا جس پر کسی رہائش گاہ کے ماہانہ کرائے کی ادائیگی کی بنیادی ذمہ داری عائد ہوتی ہو۔

(hh) "پروگرام میں شریک فرد" سے مراد وہ فرد ہے جو CITYFHEPS یونٹ کے لیے لیز میں شامل ہوا ہو اور اسے پروگرام سے معطل نہ کیا گیا ہو۔

(ii) "استحقاقی شہری کرایہ جاتی اعانت کا پروگرام" سے مراد CITYFEPS ،LINC ،SEPS، یا CITYFEPS کے کرایہ جاتی اعانت کے پروگرامز ہیں۔

(jj) "استحقاقی مراعات یافتہ ملازمت کا پروگرام" سے مراد SET پروگرام، JTP پروگرام، یا دیگر ایسے رعایتی ملازمتی پروگرام ہیں جنہیں کمشنر مستقبل میں استحقاقی پروگرام کے طور پر مقرر کر سکتا ہے۔

(kk) "کمرہ" سے مراد کسی اپارٹمنٹ کے اندر موجود واحد کمرہ ہے۔

(ll) "رینٹ کنٹرولڈ اپارٹمنٹ" سے مراد وہ رہائشی سہولت ہے جس کا زیادہ سے زیادہ کرایہ نیویارک شہر کے انتظامی قانون (Administrative Code of the City of New York) کے عنوان 26 کے باب 3 کی رو سے طے کیا گیا ہو۔

(mm) "SEPS" کا مطلب اس عنوان کے باب 8 کے ذیلی باب B کے مطابق مرتب شدہ کرایہ جاتی اعانت کا پروگرام ہے۔

(nn) "SET پروگرام" کا مطلب پناہ گاہ سے اخراج کے لیے عبوری ملازمتوں کا پروگرام (Shelter Exit Transitional Jobs Program) ہے جس کا انتظام، پناہ گاہ میں قیام پذیر افراد کے لیے ملازمت کے حصول اور مستقل رہائش گاہ میں ان کی منتقلی کی مدد کے لیے HRA اور DHS کی جانب سے مشترکہ طور پر چلایا جاتا ہے۔

(oo) "خریداری کا مراسلہ" وہ مراسلہ ہے جو خاندان کو اُس کی رہائش گاہ کی تلاش میں مدد کے لیے فراہم کیا جاتا ہے، یہ مراسلہ زیادہ سے زیادہ کرائے اور اُس پروگرام کی نشاندہی کرتا ہے جس کے تحت HRA نے متعلقہ خاندان کو ممکنہ طور پر اہل پایا ہو۔

(pp) "SRO" واحد کمرے پر مشتمل ایک یونٹ ہے جس کی توضیح نیویارک کے کثیر رہائشی قانون (New York Multiple Dwelling Law) کی دفعہ 1 کے سیکشن 4 کی ذیلی شق میں کی گئی ہے۔

(qq) "گلی کوچے کے بے گھر افراد" سے مراد وہ لوگ ہیں جو: (1) گلی کوچے یا کسی ایسے مقام پر رہ رہے ہوں جو انسانی رہائش کے لیے موزوں نہیں ہوتا اور جنہوں نے DHS کے معاہداتی روابط تخلیق کار سے کم از کم 90 دن کی کیس مینجمنٹ کی خدمات حاصل کی ہوں؛ (2) جنہوں نے مرکز میں لائے جانے کے بعد یا کسی عبوری رہائشی مقام پر DHS کے معاہداتی روابط تخلیق کار سے کم از کم 90 دن کی کیس مینجمنٹ کی خدمات حاصل کی ہوں؛ یا (3) گلی کوچے یا انسانی رہائش کے لیے غیر موزوں مقام پر ہی رہتے ہوئے، یا مرکز میں لائے جانے کے بعد یا کسی عبوری رہائشی مقام پر DHS کے معاہداتی روابط تخلیق کار سے کیس مینجمنٹ کی خدمات حاصل کی ہوں، جنہیں مستقل رہائش گاہ فراہم کردی گئی ہو اور فی الحال احتیاط مابعد خدمات حاصل کر رہے ہوں۔

(rr) "مراعات یافتہ ملازمت" کا مطلب ہے مراعات یافتہ نجی شعبے کی ملازمت یا مراعات یافتہ عوامی شعبے کی ملازمت جیسا کہ یہ اصطلاحات نیویارک کے قانون برائے سماجی خدمات (New York Social Services Law) § 336(1)(b)-(c) میں استعمال کی جاتی ہیں۔

(ss) "SYEP پروگرام" سے مراد نوجوانوں کے لیے وقتی ملازمت کا پروگرام (Summer Youth Employment Program) ہے جس کا نظم و نسق DYCD کی جانب سے چلایا جاتا ہے اور جس کا مقصد نیویارک شہر کے چودہ سے چوبیس سال کی درمیانی عمر کے رہائشی افراد کو تنخواہ دار وقتی ملازمت کے مواقع فراہم کرنا ہے۔

(tt) "تین چوتھائی رہائشی ٹاسک فورس" کے وہی معنی ہوں گے جیسا کہ یہ اصطلاح 2017 کے مقامی قانون 13 کے سیکشن a(1) میں استعمال ہوتی ہے۔ (aa) "اپارٹمنٹ" سے مراد ایک SRO کے سوا کوئی بھی نجی رہائش گاہ ہے۔

(uu) "نیویارک شہر میں بے خانگی کی صورتحال کو بدل کر رکھتے ہوئے (Turning the Tide on Homelessness in New York City)" فروری 2017 میں ناظم de Blasio، نائب ناظم برائے صحت اور انسانی خدمات Herminia Palacio اور کمشنر Steven Banks کی جانب سے جاری کردہ ایک اشاعت تھی۔ یہ اشاعت؛ تحفظ، گلی کوچے کی بے خانگی، اور مستقل رہائشی پروگرامز پر انحصار کرتے ہوئے، بے گھر افراد کے لیے نیویارک شہر کی پناگاہوں کے اثرات کو کم کرنے، پناہ گاہ فراہم کرنے کے لیے شہری طریقۂ کار کو ایک نیا انداز دینے، اور نیویارک کی بے گھر آبادی کی منتقلی کا ایک جامع بلدیاتی منصوبہ مرتب کرتی ہے۔

(vv) "بغیر کمائی ہوئی آمدنی" کی تعریف اور اس کا حساب کتاب نیویارک کے مجموعۂ قوانین، اصول اور ضوابط کے عنوان 18 کے سیکشن 387.10 میں درج ہدایات کے مطابق کیا جاتا ہے، ماسوائے اس کے کہ اس میں صرف وہی آمدنی شامل کی جائے گی جس کا باقاعدگی سے اعادہ ہوتا ہو۔ رہائش گاہ کے کرائے کی ادائیگی میں مدد کے لیے کسی فریق ثالث کی جانب سے خاندان کو دی جانے والی رقوم کو آمدنی تصور نہیں کیا جائے گا۔

(ww) "غیر مراعات یافتہ ملازمت" کا مطلب ہے غیر مراعات یافتہ ملازمت جیسا کہ یہ اصطلاح نیویارک کے قانون برائے سماجی خدمات (New York Social Services Law) § 336(1)(a) میں استعمال کی جاتی ہے۔

(xx) "سابقہ فوجی" سے مراد وہ شخص ہے جو امریکہ کی مسلح افواج میں خدمات انجام دے چکا ہو۔

§ 10-02 CITYFHEPS پروگرام کا نظم و نسق

CITYFHEPS پروگرام کے نظم و نسق کا اہتمام HRA کی جانب سے کیا جائے گا اور یہ اس ذیلی باب سے ہم آہنگ رہتے ہوئے اہلیت کا تعین کرے گا۔

§ 10-03: شہر کے اُن رہائشیوں کے لیے ابتدائی اہلیت، درخواست اور منظوری جو HRA یا DHS کی پناہ گاہ میں نہ ہوں یا گلی کوچے کے بے گھر افراد ہوں۔

(a) وہ خاندان جو گلی کوچے میں نہ رہ رہا ہو یا پھر HRA یا DHS کی پناہ گاہ میں موجود ہو تو اسے پہلے سال کے لیے CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کا اہل بننے کے لیے درج ذیل لوازمات کو پورا کرنا ہو گا:

(1) خاندان کی کُل مجموعی آمدنی، FPL کے 200 فیصد سے ہرگز تجاوز نہیں کرنی چاہیے۔

(2) اگر متعلقہ خاندان فی الحال PA وصول نہ کر رہا ہو، تو اس خاندان کو نیویارک کے مجموعۂ اصول و ضوابط کے عنوان 18 کے حصہ 352 کے تحت دستیاب کسی بھی ایسی اعانت کے لیے لازماً درخواست دینی ہوگی جس کے لیے HRA کی جانب سے خاندان کے اہل ہونے کا تعین کیا گیا ہو گا۔

(3) خاندان کے وہ تمام افراد جو PA کے لیے اہل ہیں انہیں لازماً PA حاصل ہو رہی ہو؛

(4) اگر HRA کی جانب سے ایسے کسی خاندان کی نشاندہی کی جاتی ہے جو کسی بھی وفاقی یا ریاستی رہائشی مراعات، بشمول اس عنوان کے باب نمبر 9 کے مطابق سیکشن 8 یا HRA ہوم TBRA پانے کی ممکنہ اہلیت رکھتا ہو، تو اس خاندان کو ان مراعات کے لیے لازماً درخواست دینی چاہیے یا پیش کیے جانے پر انہیں وصول کر لینا چاہیے۔

(5) خاندان کو FHEPS کے لیے ہرگز اہل نہیں ہونا چاہیے، اور سوائے اس کے کہ یہ اس باب کے سیکشن 10-08(d) کے لوازمات پر پورا اترتا ہو، اس نے سابقہ طور پر CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت وصول نہ کر رکھی ہو۔

(6) متعلقہ خاندان کو ذیل میں دیئے گئے معیاری پیمانوں کی لازماً تکمیل کرنا ہوگی:

(A) HRA کی جانب سے یہ تعین کیا گیا ہو کہ یہ خاندان بے خانگی کے خطرے سے دوچار ہے اور اس میں ایک سابقہ فوجی بھی شامل ہے۔

(B) پچھلے بارہ مہینوں کے دوران، خاندان کو نیویارک شہر میں ہی واقع ایسی رہائش گاہ سے بے دخل کیا گیا ہو یا وہ اس میں رہا ہو، جس پر بے دخلی کی کسی کارروائی کا اطلاق ہوتا تھا یا ہوتا ہے؛ یا یہ کہ شہری ایجنسی کی جانب سے جاری کردہ فرمان یا ضبطگی کی کارروائی کے نتیجے میں، یا شہری ایجنسی کی جانب سے تعین کردہ صحت و سلامتی کی وجوہات کے نتیجے میں، سوائے ان وجوہات کے جو اس خاندان کو نیویارک کے مجموعۂ قوانین، اصول اور ضوابط کے عنوان 18 کے سیکشن 452.9 کے تحت پناہ گاہ کا اہل بنادیں، خاندان کو انخلاء کرنا پڑا یا انخلاء کا کہا گیا ہو؛ اور یا تو

(i) نیویارک کے قانون برائے سماجی خدمات کے سیکشن 473 کے تحت بالغ افراد کے لیے تحفظ کی خدمات (Adult Protective Services) یا نیویارک کے قانون برائے سماجی خدمات کے سیکشن 473-d کے تحت معاشرتی سرپرستی پروگرام کی خدمات وصول کر رہا ہو؛

(ii) رینٹ کنٹرولڈ اپارٹمنٹ کو محفوظ بنانے کے لیے CITYFHEPS استعمال کر رہا ہو گا؛ یا

(iii) سابقہ طور پر DHS کی پناہ گاہ میں رہ چکا ہو۔

(C) خاندان میں کوئی ایسا فرد شامل ہو جسے دوسری شہری ایجنسی کی جانب سے CITYFHEPS کے استحقاقی پروگرام کے ذریعے متعارف کرایا گیا ہو اور کمشنر نے اس بات کا تعین کرلیا ہو کہ خاندان کے مخصوص حالات کے باعث، DHS کی پناہ گاہ میں داخلے کے امکانات ختم کرنے کے لیے CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت درکار ہے۔

(D) خاندان کو HRA یا DHS کی جانب سے جاری کردہ حالیہ اور مستند LINC تصدیقی مراسلہ یا SEPS یا CITYFEPS کا خریداری مراسلہ وصول ہوا ہو اور مراسلے کے اجراء کے بعد حالات میں کوئی ایسی تبدیلی واقع نہ ہوئی ہو جو انہیں نیویارک شہر کے قوانین کے عنوان 68 کے باب 7 یا 8 کے تحت اعانت کے لیے نا اہل بنادیں۔ کوئی بھی خاندان اس ذیلی پیراگراف کے تحت CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کے لیے اہل نہیں ہو گا اگر: (1) اس قانون کی نافذ العمل تاریخ کے بعد 120 دن سے زیادہ گزر چکے ہوں یا (2) خاندان FHEPS کا اہل ہو۔

(E) خاندان فی الحال LINC VI یا پاتھ وے ہوم کی وصولیابی کر رہا ہو اور اس باب کے سیکشن 10-04(a)(8)(A)(i)، (ii)، (iii)، (iv) یا (v) یا 10-04(a)(8)(B)(i) یا (iii) میں مرتب کردہ معیاری پیمانوں پر پورا اترتا ہو۔

(7) خاندان، نیویارک شہر میں موجود ایسی رہائش گاہ کے لیے، کم از کم ایک سال کا، لیز یا کرائے کا دیگر معاہدہ رکھتا ہو جو تحفظ اور بود و باش کی اہلیت کا تجزیاتی امتحان پاس کر چکی ہو۔ رہائش گاہ کا کرایہ زیادہ سے زیادہ ماہانہ کرائے سے ہرگز متجاوز نہیں ہونا چاہیے اور کم از کم ایک سال تک اس میں اضافہ نہیں ہونا چاہیے، سوائے اس صورت میں کہ اگر رہائشی یونٹ رینٹ اسٹیبلائزڈ یا رینٹ کنٹرولڈ اپارٹمنٹ ہو جہاں خاندان نے CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت وصول کرنے سے قبل ہی فوری طور پر رہائش اختیار کرلی ہو، تو رینٹ اسٹیبلائزیشن یا رینٹ کنٹرول کے قوانین، جیسے بھی قابلِ اطلاق ہوں، کی رو سے ششماہی بنیاد پر کرائے میں اضافے کی اجازت ہے۔ اگر خاندان میں کوئی اٹھارہ سال سے کم عمر فرد شامل ہو، تو لیز یا دیگر کرایہ جاتی معاہدہ لازماً اپارٹمنٹ کے لیے ہونا چاہیے۔

(b) درخواستیں لازماً HRA کے متعین کردہ فارم پر اور فارمیٹ میں جمع کرائی جائیں۔

(c) منظوری کے وقت، HRA اس باب کے سیکشن 10-06 یا 10-07 کے بموجب، جیسے بھی قابلِ اطلاق ہوں، متعلقہ خاندان کی CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کی ادائیگیوں کا حساب کتاب کرے گا۔ اس باب کے سیکشن 10-09 کی استثناء کے ساتھ، CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کی ادائیگیاں، خاندان کی تعداد، آمدنی، زیادہ سے زیادہ ماہانہ کرایوں یا CITYFHEPS یونٹ کے لیے اصل کرائے میں تبدیلی ہو جانے کے باوجود، خاندان کے پروگرام کے پہلے سال کے دوران تبدیل نہیں ہوں گی۔

§ 10-04: پناہ گاہ کے رہائشیوں اور گلی کوچے کے بے گھر افراد کے لیے ابتدائی اہلیت, تصدیق نامہ اور منظوری

(a) وہ خاندان جو HRA یا DHS کی پناہ گاہ میں ہو یا گلی کوچے میں بے خانگی کی زندگی گزار رہا ہو، اسے CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کے لیے تصدیق نامے کی وصولی کا اہل ہونے کے لیے درج ذیل لوازمات کو پورا کرنا ضروری ہو گا:

(1) خاندان کی کُل مجموعی آمدنی، FPL کے 200 فیصد سے ہرگز تجاوز نہیں کرنی چاہیے۔

(2) اگر متعلقہ خاندان فی الحال PA وصول نہ کر رہا ہو، تو اس خاندان کو نیویارک کے مجموعۂ اصول و ضوابط کے عنوان 18 کے حصہ 352 کے تحت دستیاب کسی بھی ایسی اعانت کے لیے لازماً درخواست دینی ہوگی جس کے لیے HRA کی جانب سے خاندان کے اہل ہونے کا تعین کیا گیا ہو گا۔

(3) خاندان کے وہ تمام افراد جو PA کے لیے اہل ہیں انہیں لازماً PA حاصل ہو رہی ہو؛

(4) اگر HRA کی جانب سے کسی خاندان کی نشاندہی کی جاتی ہے جو کسی بھی وفاقی یا ریاستی رہائشی مراعات، بشمول سیکشن 8 یا HRA ہوم TBRA پانے کی ممکنہ اہلیت رکھتا ہو، تو اس خاندان کو ان مراعات کے لیے لازماً درخواست دینی چاہیے یا پیش کیے جانے پر انہیں وصول کر لینا چاہیے۔

(5) خاندان کو FHEPS کے لیے ہرگز اہل نہیں ہونا چاہیے۔

(6) اگر خاندان کے کسی بھی فرد کا، نیویارک کے مجموعۂ قوانین، اصول اور ضوابط کے عنوان 18 کے سیکشن 452.9 کے تحت HRA کی پناہ گاہ کے لیے اہل ہونے کا تعین ہوگیا ہو، تو خاندان میں ایسے گھریلو تشدد کا مرتکب فرد شامل نہیں ہونا چاہیے جو اس تعین کے نتیجے میں واقع ہوا ہو۔

(7) اگر خاندان فی الحال گھرانوں کے لیے مختص DHS پناہ گاہ میں ہو، تو اس خاندان کو نیو یارک کے مجموعۂ قوانین، اصول اور ضوابط کے عنوان 18 کے حصہ 351 اور 352 کے بموجب DHS کی جانب سے تعین کردہ پناہ گاہ کے لیے لازماً اہل ہونا چاہیے۔

(8) خاندان لازماً گلی کوچوں میں بے خانگی کی زندگی گزار رہا ہو یا اس کا درج ذیل گروپ A یا گروپ B سے تعلق ہو:

(A) **گروپ A:** ایک خاندان اس صورت میں گروپ A سے تعلق رکھے گا کہ جب وہ ذیل میں مرتب کردہ اور دیگر معیاری پیمانوں کی تکمیل کرے گا: (1) فی الحال DHS کی پناہ گاہ میں اقامت پذیر ہو اور پناہ گاہ میں قیام کا استحقاق رکھتا ہو؛ یا (2) فی الحال HRA کی پناہ گاہ میں اقامت پذیر ہو:

(i) خاندان میں: (AA) ایک ایسا فرد شامل ہو جو نیویارک کے مجموعۂ قوانین، اصول اور ضوابط کے عنوان 18 کے سیکشن (c)369.2 میں مرتب شدہ معیاری پیمانوں پر پورا اترتا ہو اور (BB) جو غیر مراعات یافتہ ملازمت یا استحقاقی مراعات یافتہ ملازمت کے پروگرام میں فی ہفتہ مجموعی طور پر کم از کم 30 گھنٹے کام کر رہا ہو اور ایسی کسی بھی ملازمت سے کمائی گئی آمدنی کو تصدیق نامے سے 30 دن قبل ظاہر کر سکتا ہو۔ تاہم، کمشنر اس شرط سے دستبردار ہوسکتا ہے کہ خاندان مجموعی طور پر معقول بنیادوں پر ہفتے میں کم از کم 30 گھنٹے کام کرے جبکہ خاندان سابقہ طور پر باقاعدگی کے ساتھ کام کا اظہار کرچکا ہو اور حالیہ طور پر ایسے حالات کے باعث کام کے گھنٹوں کو گنوا چکا ہو جو ممکنہ طور پر عارضی نوعیت کے ہوں۔

(ii) خاندان صرف اور صرف بالغ افراد پر مشتمل ہو اور غیر مراعات یافتہ ملازمت یا استحقاقی مراعات یافتہ ملازمت کے پروگرام سے کم از کم 30 دن کی کمائی گئی آمدنی ظاہر کرسکتا ہو۔

(iii) خاندان کا سربراہ معذوری کی صورت میں وفاقی مراعات یا مسلسل ماہانہ PA امداد وصول کرتا ہو اور HRA کی جانب سے معذوری کی صورت میں وفاقی مراعات کے لیے ان کی اپنی مصدقہ معذوری کی بنیاد پر ممکنہ طور پر اہل قرار دیا گیا ہو؛

(iv) خاندان کا سربراہ 60 سال یا اس سے زائد عمر کا ہو؛ یا

(v) خاندان کا سربراہ، نیویارک کے مجموعۂ قوانین و ضوابط کے عنوان 18 کے سیکشن 385.2(b)(5) کی رو سے PA کی عملی سرگرمیوں سے مستثنیٰ ہو۔

(B) **گروپ B**: ایک خاندان اس صورت میں گروپ B سے تعلق رکھے گا کہ جب وہ فی الوقت HRA یا DHS کی پناہ گاہ میں قیام پذیر ہو اور ذیل میں مرتب کردہ معیاری پیمانوں کی تکمیل کرے:

(i) خاندان میں ایک سابقہ فوجی شامل ہو۔

(ii) خاندان، DHS کی اُس پناہ گاہ میں رہائش پذیر ہو، مستقبل میں جس کی بندش کی نشاندہی کی جا چکی ہو۔

(iii) خاندان کو HRA یا DHS کی جانب سے جاری کردہ حالیہ اور مستند LINC تصدیقی مراسلہ یا SEPS یا CITYFEPS کا خریداری مراسلہ وصول ہوا ہو اور مراسلے کے اجراء کے بعد حالات میں کوئی ایسی تبدیلی واقع نہ ہوئی ہو جو انہیں نیویارک شہر کے قوانین کے عنوان 68 کے باب 7 یا 8 کے تحت اعانت کے لیے نا اہل بنادیں۔ ایک خاندان اس ذیلی پیراگراف کے تحت CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کے لیے اہل نہیں ہو گا اگر: (1) اس قانون کی نافذ العمل تاریخ کے بعد 120 دن سے زیادہ گزر چکے ہوں یا (2) خاندان FHEPS کا اہل ہو۔

(iv) خاندان میں کوئی ایسا فرد شامل ہو جسے دوسری شہری ایجنسی کی جانب سے CITYFHEPS کے استحقاقی پروگرام کے ذریعے متعارف کرایا گیا ہو اور کمشنر نے اس بات کا تعین کرلیا ہو کہ خاندان کے مخصوص حالات کے باعث، HRA یا DHS کی پناہ گاہ میں خاندان کے قیام کو مختصر کرنے کے لیے CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت درکار ہے۔

(b) پناہ گاہ میں قیام کا استحقاق اور حد بندیاں:

(1) پناہ گاہ میں قیام کا استحقاق: گھرانوں کے لیے DHS پناہ گاہ کا رہائشی، سیکشن 10-04(a)(8)(A) کے مقاصد کے لیے اُس وقت پناہ گاہ میں قیام کا استحقاق رکھے گا کہ جب خاندان تصدیقی عمل سے قبل HRA یا DHS کی پناہ گاہ میں کم از کم 90 دن تک، دس تقویمی دنوں تک کے ناغوں کے علاوہ، قیام کر چکا ہو۔ بالغ فردِ واحد کے لیے DHS پناہ گاہ کا رہائشی، سیکشن 10-04(a)(8)(A) کے مقاصد کے لیے اُس وقت پناہ گاہ میں قیام کا استحقاق رکھے گا کہ جب وہ تصدیق عمل سے قبل شہری پناہ گاہ میں 365 دنوں میں سے کم از کم 90 دن کے لیے رہائش اختیار کرچکا ہو۔ خاندان ایک مرتبہ پناہ گاہ میں قیام کا استحقاق رکھنے کے بعد، ایک قسم کی پناہ گاہ سے دوسری میں منتقل ہونے پر اس سیکشن کی ذیلی شق (c) کی رو سے تصدیقی مراسلے کے لیے اپنی اہلیت نہیں کھوئے گا۔ اسی طرح، وہ

خاندان جو گلی کوچے میں بے گھر افراد کے طور پر رہا ہو، وہ HRA یا DHS کی پناہ گاہ میں داخلے پر تصدیقی مراسلے کے لیے اہلیت نہیں کھوئے گا۔

(2) استحقاقی پناہ گاہ میں قیام کی حد بندیاں: جب کمشنر اس بات کا تعین کرلے کہ پروگرام کو مستند رکھنے کے لیے مقررہ تاریخ ضروری ہے، تو وہ سیکشن 10-04(a)(8)(A)(i) کے مقاصد کے لیے، رہائش کی بازاری صورتحال، پناہ گاہ میں قیام کے نرخ، اور فنڈنگ کی دستیابی کے تجزیے کے بعد، ایک ایسی تاریخ کا تعین کر سکتا ہے جس تک استحقاقی پناہ گاہ میں قیام کا آغاز لازماً شروع ہو جانا چاہیے۔ کمشنر، رہائش کی بازاری صورتحال، پناہ گاہ میں قیام کے نرخ، اور فنڈنگ کی دستیابی کے مزید جائزے کے بعد اس مقررہ تاریخ کو ختم بھی کر سکتا ہے۔

(c) جب ایک خاندان اس سیکشن کی ذیلی شق (a) میں مرتب کردہ اہلیتی لوازمات کی تکمیل کر چکا ہو، تو HRA ایسے خاندان کو تصدیقی مراسلہ جاری کرے گا۔ اس مراسلے میں ایک اختتامی تاریخ ہوگی اور متعلقہ خاندان پر، اس ذیلی شق کے پیراگراف (a) کے لوازمات کو منظوری کے وقت تک مسلسل پورا کرتے رہنے کی شرط عائد ہوگی۔

(d) جونہی کوئی خاندان CITYFHEPS کا تصدیقی مراسلہ حاصل کرلے، تو متعلقہ خاندان کو، کم از کم ایک سال کے لیے، نیویارک شہر میں لازماً ایک ایسی رہائش گاہ کی لیز یا دیگر کرایہ جاتی معاہدہ کرنا ہو گا جو تحفظ اور بود و باش کا تجزیاتی امتحان پاس کر چکا ہو۔ اس رہائشی یونٹ کا کرایہ، زیادہ سے زیادہ ماہانہ کرائے سے تجاوز نہیں کرنا چاہیے اور کم از کم ایک سال کے لیے اسے کرائے میں اضافے سے تحفظ حاصل ہونا چاہیے، سوائے اس کے کہ اگر اُس رہائشی یونٹ پر قابلِ اجازت کرایوں کے حوالے سے سرکاری ضوابط لاگو ہوتے ہوں، تو قابلِ اطلاق سرکاری ضوابط کے تحت کرائے میں مجاز اضافوں کی اجازت ہوگی

(e) منظوری کے وقت، HRA اس باب کے سیکشن 10-06 یا 10-07 کے بموجب متعلقہ خاندان کی ماہانہ کرایہ جاتی اعانت کی رقم کا حساب کتاب کرے گا۔ ماسوائے اس باب کے سیکشن 10-09 میں درج ہدایات کے، ماہانہ کرایہ جاتی اعانت کی رقم، خاندان کی تعداد، آمدنی، زیادہ سے زیادہ ماہانہ کرایوں یا یونٹ کے لیے اصل کرائے میں تبدیلی ہوجانے کے باوجود پروگرام کے پہلے سال کے دوران تبدیل نہیں ہوگی۔

§ 10-05 زیادہ سے زیادہ ماہانہ کرائے

(a) اس سیکشن کی ذیلی شق (b) کی استثناء کے ساتھ، ایسے اپارٹمنٹ کے لیے زیادہ سے زیادہ ماہانہ کرایہ، جس کے ضمن میں کرائے کے معاہدے کے پہلے سال کے دوران CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت لاگو ہو سکتی ہو، ذیل کے جدول میں درج رقوم سے قطعاً زائد نہیں ہونا چاہیے:

اپارٹمنٹس کے لیے زیادہ سے زیادہ کرایہ										
خاندان کے افراد کی تعداد	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
زیادہ سے زیادہ کرایہ	1,246 امریکی ڈالرز	1,303 امریکی ڈالرز	1,557 امریکی ڈالرز	1,557 امریکی ڈالرز	2,010 امریکی ڈالرز	2,010 امریکی ڈالرز	2,257 امریکی ڈالرز	2,257 امریکی ڈالرز	2,600 امریکی ڈالرز	2,600 امریکی ڈالرز

(b) ایسے خاندانوں کے حوالے سے جو پانچ یا زائد افراد پر مشتمل ہوں، کمشنر اپنی صوابدید پر یہ تعین کر سکتا ہے کہ حالیہ بازاری حالات اس بات کے امکانات ختم کرتے ہیں کہ مخصوص خاندان اگلے نوے دنوں کے اندر رہائش گاہ تلاش کر پائیں گے اور وہ ایسے خاندانوں کے لیے زیادہ سے زیادہ ماہانہ کرایوں میں 30 فیصد تک کا اضافہ کر سکتا ہے۔

(c) ایسے SRO کے لیے زیادہ سے زیادہ ماہانہ کرایہ، جس پر کرایہ جاتی معاہدے کے پہلے سال کے دوران CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کا اطلاق ہوسکتا ہو، 1047 امریکی ڈالرز ہے۔

(d) ایسے کمرے کے لیے زیادہ سے زیادہ ماہانہ کرایہ، جس پر کرایہ جاتی معاہدے کے پہلے سال کے دوران CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کا اطلاق ہوسکتا ہو، 800 امریکی ڈالرز ہے۔ کمرے کے کرایوں کے لیے، مزید شرائط یہ ہیں کہ:

(1) جہاں کرایہ جاتی معاہدہ ایسے بنیادی کرایہ دار کے ساتھ ہو جو PA وصول کرتا ہو، وہاں خاندان کا ماہانہ کرایہ، کرایہ جاتی معاہدے کے نفاذ کی تاریخ کے وقت نیویارک کے مجموعۂ قوانین، اصول اور ضوابط کے عنوان 18 کے سیکشن 352.3 کے تحت مالک مکان کے لیے بنیادی کرایہ دار پر عائد ہونے والی کرائے کی ذمہ داری اور بنیادی کرائے دار کے پناہ گاہ کے وظیفے کے درمیان فرق سے تجاوز نہیں کر سکتا۔

(2) رینٹ اسٹیبلائزڈ یا رینٹ کنٹرولڈ اپارٹمنٹ کے اندر کوئی بھی علیحدہ کمرہ مالک مکان سے براہِ راست کرائے پر نہیں لیا جاسکتا۔ اگر ایک رینٹ اسٹیبلائزڈ اپارٹمنٹ میں کوئی کمرہ بنیادی کرائے دار سے کرائے پر لیا جاتا ہے، تو خاندان کا ماہانہ کرایہ، نیویارک کے مجموعۂ اصول و ضوابط کے عنوان 9 کے سیکشن 2525.7 کے تحت کرائے میں خاندان کے تناسبی حصے سے تجاوز نہیں کر سکتا۔ اگر ایک رینٹ کنٹرولڈ اپارٹمنٹ میں کوئی کمرہ بنیادی کرائے دار سے کرائے پر لیا جاتا ہے، تو خاندان کا کرایہ اُس رقم سے تجاوز نہیں کرسکتا جو مالک مکان بنیادی کرائے دار سے وصول کر رہا ہے۔

(e) اس سیکشن کی ذیلی شقوں (a) اور (b) میں مرتب کردہ رقوم کا اندراج، نیویارک کے بورڈ برائے کرایہ جاتی ہدایات کی جانب سے وضع کردہ اپارٹمنٹ لیز کی ایک سالہ تجدید کے لیے کرایوں کی سالانہ ایڈجسٹمنٹس میں کیا جائے گا جوکہ اس قانون کی تاریخِ نفاذ کے بعد مؤثر ہو گا۔

(f) حرارت، گرم پانی، بجلی اور، اگر چولہا برقیاتی نہیں ہے تو، کوکنگ گیس، کو کسی بھی SRO یا کمرے کے لیے کرائے میں ضرور شامل کیا جائے گا۔

§ 10-06: CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کی ادائیگی کی رقم کا حساب کتاب – اپارٹمنٹس اور SROs

(a) اگر CITYFHEPS یونٹ ایک اپارٹمنٹ یا SRO ہو، تو ماہانہ CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کی ادائیگی کی رقم، زیادہ سے زیادہ ماہانہ کرائے تک، اساسی پروگرام میں شریک فرد کی شامل کردہ رقم کو منہا کرکے، CITYFHEPS یونٹ کے لیے اصل ماہانہ کرائے کے مساوی ہوگی، جیسا کہ اس سیکشن کی ذیلی شقوں (b) اور (c) کے مطابق شمار کیا گیا ہے۔ اس ذیلی شق اور CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کی ادائیگی کی رقم کو شمار کرنے کے مقاصد کے لیے، ایک فرد پر مشتمل ایسا خاندان جو LINC IV سے CITYFHEPS میں متنقل ہوا ہو، اُسے دو افراد کا خاندان سمجھا جائے گا۔

(b) اساسی پروگرام میں شریک فرد کی شامل کردہ رقم کو درج ذیل طریقے پر شمار کیا جائے گا:

(1) خاندان کے کسی بھی فرد کی جانب سے PA وصول نہ کرنے کی صورت میں، اساسی پروگرام میں شریک فرد کی شامل کردہ رقم، منظوری یا تجدید کے وقت خاندان کی کُل ماہانہ مجموعی آمدنی کا 30 فیصد ہو۔ تاہم، اگر تجدید کے وقت، خاندان کی جانب سے صفر آمدنی کی اطلاع دی جاتی ہے، تو اساسی پروگرام میں شریک فرد کی شامل کردہ رقم، خاندان کے حجم کے مطابق پناہ گاہ کے زیادہ سے زیادہ وظیفے کے مساوی ہوگی۔

(2) اگر خاندان میں ایک یا زائد لوگ ایسے ہوں جو PA وصول کر رہے ہوں، تو اساسی پروگرام میں شریک فرد کی شامل کردہ رقم، درج ذیل کا میزانیہ ہوگی: (A) منظوری یا تجدید کے وقت PA خاندان کی کُل ماہانہ مجموعی آمدنی کا 30 فیصد، یا PA خاندان کے افراد کی کُل تعداد کے لیے زیادہ سے زیادہ ماہانہ PA پناہ گاہ کا وظیفہ، دونوں میں سے جو بھی زیادہ ہو؛ اور (B) کسی بھی NPA افراد/ارکان کے لیے ماہانہ مجموعی آمدنی کا 30 فیصد۔

(c) سیکشن 10-09 کی استثناء کے ساتھ، CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کی ادائیگیاں، خاندان کی تعداد، آمدنی، زیادہ سے زیادہ ماہانہ کرایوں یا CITYFHEPS یونٹ کے لیے اصل کرائے میں تبدیلی ہوجانے کے باوجود، تجدیدی عمل تک تبدیل نہیں ہوں گی۔

(d) CITYFHEPS یونٹ کی منظوری پر، HRA، مالک مکان کو پہلے ماہ کا مکمل کرایہ اور CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کی ادائیگیاں اگلے تین ماہ تک ادا کرے گا۔ بعد ازاں، HRA، CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کی ادائیگیاں مالک مکان کو ہر ماہ براہ راست اُس وقت تک ادا کرے گا جب تک کہ خاندان اہلیت کا حامل رہے اور پروگرام کے لیے رقم کی فراہمی دستیاب رہے، سوائے اس کے کہ HRA، نیویارک شہر میں بے خانگی کی صورتحال کو بدل کر رکھتے ہوئے کے نام سے معروف منصوبے میں مرتب شدہ اہداف کی تکمیل کے لیے، ضرورت کے مطابق اپنی صوابدید پر CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کی اضافی مہینوں کی ادائیگیاں پیشگی طور پر کر سکتا ہے۔

§ 10-07: CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کی ادائیگی کی رقم کا حساب کتاب – کمرے

(a) اگر CITYFHEPS یونٹ ایک کمرہ ہو، تو خاندان کے اساسی پروگرام میں شریک فرد کی شامل کردہ رقم، منظوری کے وقت خاندان کے اصل پناہ گاہ کے وظیفے سے زیادہ یا 50 امریکی ڈالرز ہوگی اور، CITYFHEPS کے کرایہ جاتی اعانت کے پروگرام میں خاندان کے پہلے چار ماہ کے حوالے سے اس سیکشن کی ذیلی شق (c) کے استثناء کے ساتھ، CITYFHEPS کی ماہانہ کرایہ جاتی اعانت کی ادائیگی کی رقم، 800 امریکی ڈالرز تک، متعلقہ اساسی پروگرام میں شریک فرد کی شامل کردہ رقم کو منہا کرکے CITYFHEPS یونٹ کے لیے اصل ماہانہ کرائے کے مساوی ہوگی۔

(b) اس باب کے سیکشن 10-09 کے استثناء کے ساتھ، CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کی ادائیگیاں، خاندان کی تعداد، آمدنی، زیادہ سے زیادہ ماہانہ کرایوں یا CITYFHEPS یونٹ کے لیے اصل کرائے میں تبدیلی ہوجانے کے باوجود، تجدید تک تبدیل نہیں ہوں گی۔

(c) CITYFHEPS یونٹ کی منظوری پر، HRA، مالک مکان کو پہلے چار ماہ کا مکمل کرایہ ادا کرے گا، سوائے اس کے کہ خاندان اگر پناہ گاہ کا وظیفہ وصول کر رہا ہو تو HRA پہلے ماہ کا مکمل کرایہ اور CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کی ادائیگیاں اگلے تین ماہ تک ادا کرے گا۔ بعد ازاں HRA، CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کی ادائیگیاں مالک مکان کو ہر ماہ براہ راست اُس وقت تک ادا کرے گا جب تک کہ خاندان اہلیت کا حامل رہے اور پروگرام کے لیے رقم کی فراہمی دستیاب رہے

§ 10-08: (c) پہلے سال کے بعد تجدیدات۔

(a) فنڈنگ کی دستیابی کے لحاظ سے، CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت پانے والے خاندان کو اس اعانت کی چار سالانہ تجدیدات ملیں گی بشرطیکہ وہ درج ذیل مسلسل اہلیتی تقاضوں کو پورا کرتا ہو:

(1) خاندان کی کُل مجموعی آمدنی FPL کے 250 فیصد سے متجاوز نہ ہو؛

(2) خاندان، پروگرام کے لوازمات کی حقیقی طور پر تعمیل کر رہا ہو؛ اور

(3) خاندان، اُس CITYFHEPS یونٹ میں رہائش جاری رکھے جس کے لیے اسے ابتدا میں منظوری دی گئی تھی یا کمشنر، اس باب کے سیکشن 10-10 کے مطابق کسی نئے یونٹ میں منتقلی کو منظور کر چکا ہو۔

(b) اگر خاندان، پروگرام کے لوازمات کی حقیقی طور پر تعمیل نہ کر رہا ہو، تو کمشنر اپنی صوابدید پر، CITYFHEPS پروگرام میں خاندان کی شرکت کی اس صورت میں تجدید کر سکتا ہے کہ خاندان، نیویارک کے مجموعۂ اصول و ضوابط کے عنوان 18 کے سیکشن 351.26 کے مطابق، پروگرام کے لوازمات پر پورا نہ اترنے کی معقول وجہ فراہم کردے۔

(c) فنڈنگ کی دستیابی کے لحاظ سے، CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت پانے والے خاندان، CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کے پروگرام میں اپنے پانچویں سال کے بعد اضافی سالانہ تجدیدات کی تحصیل جاری رکھیں گے بشرطیکہ وہ اس سیکشن کی ذیلی شق (a) کے لوازمات پر پورا اترتے ہوں اور تجدید کے وقت، درج ذیل میں سے کسی ایک معیاری پیمانے کی تکمیل ہوتی ہو:

(1) خاندان کا سربراہ 60 سال یا اس سے زائد عمر کا ہو۔

(2) خاندان کا سربراہ:

(A) معذوری کی صورت میں وفاقی مراعات وصول کرتا ہو؛ یا

(B) مسلسل ماہانہ PA امداد وصول کرتا ہو اور کمشنر کی جانب سے، معذوری کی صورت میں وفاقی مراعات کے لیے ان کی اپنی مصدقہ معذوری کی بنیاد پر ممکنہ طور پر اہل قرار دیا گیا ہو۔

(3) خاندان کی اہلیت برقرار رہنے تک تجدید کی معقول وجہ ہو۔

(d) فنڈنگ کی دستیابی کے لحاظ سے، اگر کسی خاندان کی CITYFHEPS کے لیے تجدید نہ کی گئی ہو، تو اسے معطل ہونے کے ایک سال کے اندر اندر بحال کیا جاسکتا ہے بشرطیکہ خاندان اس کی بحالی کے درخواست دیتے وقت CITYFHEPS کے تجدیدی لوازمات پر پورا اترتا ہو۔ اگر منسوخی کے بعد ایک سال سے زائد عرصہ گزر چکا ہو، یا اگر متعلقہ خاندان کو کم از کم پانچ سال تک CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت وصول کرنے کے بعد CITYFHEPS سے معطل کر دیا گیا ہو، تو خاندان صرف کسی معقول وجہ پر ہی اپنے CITYFHEPS کو بحال کرا سکتا ہے۔

(e) اگر خاندان اس باب کے سیکشن 10-11 کی رو سے CITYFHEPS میں منتقل ہو چکا ہو یا LINC VI یا پاتھ وے ہوم پروگرامز سے منتقل ہوچکا ہو، تو خاندان نے جتنی مدت LINC، LINC VI، CITYFEPS، SEPS یا پاتھ وے ہوم پروگرامز میں شرکت کی ہوگی اسے اس سیکشن کی ذیلی شق (a) میں بیان کردہ پانچ سالہ حد میں شمار کیا جائے گا، سوائے اس کے کہ CITYFEPS، LINC VI یا پاتھ وے ہوم سے منتقل ہونے والے خاندان، ان پروگرامز میں خاندان کی شرکت کے حالیہ سال کے آغاز کے بعد دس ماہ سے کم عرصے میں منتقل ہوئے ہوں، تو ان پروگرامز میں خاندان کے حالیہ سال کو ملحوظ نہیں رکھا جائے گا۔ تاہم، اگر CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کی ادائیگیاں، CITYFEPS، LINC VI یا پاتھ وے ہوم میں خاندان کی شرکت کے حالیہ سال کے آغاز سے دس ماہ یا اس کے بھی بعد شروع ہوئی ہوں، تو ان پروگرامز میں خاندان کی حالیہ سال کی شرکت کو مکمل سال کے طور پر شمار کیا جائے گا۔

(f) فنڈنگ کی دستیابی کے لحاظ سے، کمشنر، پروگرام میں خاندان کی شرکت کے ہر سال کے اختتام پر تجدید کے لیے خاندان کی اہلیت کا تعین کرے گا۔ سالانہ تجدید سے قبل، کمشنر اس باب کے سیکشن 10-06 یا 10-07 کے مطابق، جیسے بھی قابلِ اطلاق ہو، خاندان کی CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کی ادائیگیوں کو دوبارہ شمار کرے گا۔ اس باب کے سیکشن 10-09 کی استثناء کے ساتھ، CITYFHEPS کی کرایہ جاتی ادائیگیاں، خاندان کی تعداد، آمدنی، زیادہ سے زیادہ ماہانہ کرایوں، یا CITYFHEPS یونٹ کے اصل کرائے میں تبدیلیوں سے قطع نظر، ایک سالہ تجدیدی مدت کے دوران تبدیل نہیں ہوں گی۔

(g) غیر معمولی حالات کی عدم موجودگی میں، اس سیکشن کی ذیلی شق (c) کے تحت ایسے خاندانوں کے لیے تجدیدات دستیاب نہیں ہوں گی جنہوں نے اس باب کے سیکشن 12(e) کے مطابق اپنی ذمہ داریوں کو پورا نہ کیا ہو گا۔ کمشنر، غیر معمولی حالات کے تعین کے لیے درج ذیل عوامل کو ملحوظ رکھے گا: صحت اور ذہنی صحت کے مسائل، شعبہ برائے سماجی خدمات کی اغلاط، غلطی کو سدھارنے کی کوششیں، یا خاندان کی دسترس سے باہر دیگر حالات۔

10-09 § CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کی ادائیگی کی رقم، کرایہ جاتی اعانت کی معطلی کی ادائیگیاں، یا تجدید سے قبل پروگرام کی منسوخی کی ایڈجسٹمنٹس

(a) خاندان کی آمدنی تجدید سے پہلے گھٹ جانے کی صورت میں، خاندان کی درخواست پر، کمشنر اس باب کے سیکشن 10-06 یا 10-07 کے مطابق، جیسے بھی قابلِ اطلاق ہو، CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کی ادائیگی کی رقم کو دوبارہ شمار کرے گا۔

(b) کمشنر، CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کی ادائیگیوں کو معطل بھی کر سکتا ہے، اگر:

(1) خاندان CITYFHEPS یونٹ کو چھوڑ کر چلا جائے؛

(2) مالک مکان اُن لوازمات کی تعمیل میں ناکام ہوجائے جو اس باب کے سیکشن 10-14 میں مرتب شدہ ہیں، جس کے بعد پروگرام میں شریک فرد کو اس باب کے سیکشن 10-10 کے مطابق منتقلی کی منظوری دی جاسکتی ہے؛

(3) CITYFHEPS میں خاندان کی شرکت منسوخ ہو جائے، اور ادائیگیاں سیکشن (e)10-13 کے مطابق جاری نہ رہیں۔

(c) CITYFHEPS پروگرام میں خاندان کی شرکت کو اس صورت میں تجدید سے قبل منسوخ کیا جاسکتا ہے کہ جب کمشنر اس بات کا تعین کرلے کہ پروگرام میں شریک فرد نے اس باب کے سیکشن 10-12 میں مرتب شدہ لوازمات کی بغیر کسی معقول وجہ کے تعمیل نہیں کی یا تعمیل سے انکار کردیا۔

§ 10-10 منتقلیاں۔

(a) CITYFHEPS میں شرکت کرنے والا کوئی بھی خاندان، کمشنر کی منظوری کے بغیر، نئی رہائش گاہ میں منتقل نہیں ہوسکتا اور CITYFHEPS پروگرام کے لیے اہلیت برقرار نہیں رکھ سکتا۔ خاندان کو یہ منظوری نئی رہائش گاہ میں منتقل ہونے سے پہلے لازماً حاصل کر نی ہوگی، بشرطیکہ کمشنر، منتقلی کے بعد منظوری کے لیے دی جانے والی درخواست پر صرف اسی صورت میں غور کرے گا جب کہ خاندان اپنے قابو سے باہر حالات کے باعث منتقلی سے قبل یہ منظوری حاصل کرنے سے قاصر ہو۔

(b) کمشنر اس صورت میں منتقلی کی منظوری دے گا کہ جب کہ خاندان ایک کمرے سے اپارٹمنٹ میں منتقل ہو رہا ہو، بشرطیکہ خاندان کمرے کی لیز کی خلاف ورزی نہ کر رہا ہو، اس صورت میں خاندان کو یا تو منتقلی کی معقول وجہ بیان کرنا ہوگی یا یہ کہ مالک مکان پروگرام میں شریک فرد کو لیز سے آزاد کرنے پر تیار ہو۔ دیگر تمام حالات میں، کمشنر ایک رہائش گاہ سے دوسری رہائش گاہ میں منتقلی کی منظوری صرف اس صورت میں فراہم کرے گا جب خاندان یہ ثابت کردے کہ منتقلی کی معقول وجہ موجود ہے۔ اگر مطلوبہ منتقلی، حالیہ رہائش گاہ سے زیادہ کرایے والی رہائش گاہ کے لیے ہو تو منظوری کا دار و مدار فنڈنگ کی دستیابی پر ہو گا۔

(c) اگر کمشنر نے نئے CITYFHEPS یونٹ میں منتقلی کو منظور کر لیا ہے، تو کمشنر، پروگرام میں شریک فرد کے ماہانہ زر تعاون اور CITYFHEPS کی ماہانہ کرایہ جاتی اعانت کی رقم کا دوبارہ حساب کتاب کرے گا اور وہ رقوم ، نئے CITYFHEPS یونٹ کے لیے کرایہ جاتی معاہدے کے نفاذ کی تاریخ سے ایک سال تک تبدیل نہیں ہوں گی، سوائے اس کے کہ اس باب کے سیکشن 10-09 میں کچھ اور بیان کیا گیا ہو۔ اگر نئے CITYFHEPS یونٹ کے لیے کرایہ جاتی معاہدے کی تاریخ نفاذ، خاندان کے پروگرام میں شرکت کے حالیہ سال کی شروعات کے بعد دس ماہ سے زیادہ نہیں ہے تو پھر CITYFHEPS پروگرام میں اس خاندان کا حالیہ سال اس کرایہ جاتی معاہدے کی تاریخِ نفاذ پر نئے سرے سے شروع ہو گا۔ اگر نئی رہائش گاہ کے لیے کرایہ جاتی معاہدے کی تاریخ نفاذ، پروگرام میں خاندان کے حالیہ سال کی شروعات کے بعد دس ماہ سے زیادہ ہے اور خاندان CITYFHEPS پروگرام میں تجدید کے لیے اہل ہے، تو پھر خاندان کا تجدیدی عرصہ اس کرایہ جاتی معاہدے کی تاریخِ نفاذ پر شروع ہو گا۔

§ 10-11 موجودہ LINC، SEPS، اور CITFEPS کلائنٹس کی CITYFHEPS میں منتقلی

(a) کمشنر، ایک شہری کرایہ جاتی اعانت کے استحقاقی پروگرام میں موجود تمام خاندانوں کو CITYFHEPS میں منتقل کرے گا، بشرطیکہ خاندان کی کُل مجموعی آمدنی FPL کے 200 فیصد سے تجاوز نہ کرے اور خاندان اُس یونٹ میں رہائش جاری

رکھے جس کی مد میں وہ کرایہ جاتی اعانت وصول کر رہا ہے یا پھر کمشنر اس باب کے سیکشن 10-10 کے مطابق نئے یونٹ میں منتقلی کی منظوری دے چکا ہو۔ LINC اور SEPS پروگرامز میں شرکت کرنے والے خاندانوں کے لیے، یہ منتقلی شہری کرایہ جاتی اعانت کے استحقاقی پروگرام میں خاندان کی پہلی تجدید کی تاریخ پر، اس قانون کی نافذ العمل تاریخ کے دیگر حوالے سے واقع ہونے کے بعد، نافذ العمل ہوگی۔ CITYFEPS پروگرام میں شرکت پذیر خاندانوں کے لیے، یہ منتقلی اس قانون کی نافذ العمل تاریخ کے ایک سال تک کے عرصے میں نافذ ہوگی۔

§ 10-12 پروگرام میں شریک افراد کے لیے لوازمات

(a) خاندان کے لیے لازم ہے کہ:

(1) آمدنی اور خاندان کے افراد کی بابت درست، مکمل اور حالیہ معلومات فراہم کرے؛ اور

(2) اہلیت کی توثیق کرنے کے لیے حسب ضرورت معاون دستاویزی شہادت اور CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اضافی رقم، زیادہ سے زیادہ ماہانہ کرایہ، اور خاندان کے افراد کی جانب سے کسی بھی مطلوبہ زر تعاون کے تعین کے لیے درکار معلومات فراہم کرے؛ اور

(b) خاندان کے لیے اپنے CITYFHEPS کرائے کے اضافہ جات براہ راست مالک مکان کو ادا کیے جانے پر اتفاق کرنا ضروری ہے؛ اور

(c) خاندان کے وہ تمام افراد جو PA کے لیے اہل ہوں انہیں لازماً PA مل رہی ہو۔

(d) اگر کمشنر کی جانب سے کسی خاندان کی نشاندہی کی جاتی ہے جو کسی بھی وفاقی یا ریاستی رہائشی مراعات، بشمول سیکشن 8 یا FHEPS پانے کی ممکنہ اہلیت رکھتا ہو، تو اس خاندان کو ان مراعات کے لیے لازماً درخواست دینی چاہیے یا پیش کیے جانے پر انہیں وصول کر لینا چاہیے۔

(e) خاندان کو ہر ماہ CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کی رقم اور خاندان کے کرائے کے مابین فرق کی رقم، پناہ گاہ کے تمام وظائف اور کسی فریق ثالث کی جانب سے درحقیقت مالک مکان کو ادا کیے جانے والے زر تعاون کی کٹوتی کرنے کے بعد، مالک مکان کو لازماً ادا کرنا ہوگی اور، اگر خاندان کرائے کی مکمل رقم ادا نہیں کر پاتا ہے؛ تو باقی ماندہ رقم کی اطلاع کمشنر کو بروقت لازماً ہے؛ ہوگی۔

(f) اگر خاندان CITYFHEPS یونٹ سے باہر منتقل ہو جاتا ہے تو پروگرام میں شریک فرد کے لیے اس بات سے کمشنر کو فوری طور پر آگاہ کرنا ضروری ہو گا۔

(g) اگر پروگرام میں شریک فرد کو بے دخلی کے کاغذات فراہم کیے جائیں تو پروگرام میں شریک متعلقہ فرد کے لیے بروقت کمشنر کو آگاہ کرنا لازم ہو گا۔

(h) خاندان کو اُن تمام کاموں کی شہادتی دستاویزات لازماً محفوظ ر کھنی ہوں گی جن کا متعلقہ خاندان استحقاق رکھتا ہے۔ ان میں عوامی مراعات اور ٹیکس پر چھوٹ شامل ہوسکتی ہیں، جیسے کہ کمائی گئی آمدنی کے ٹیکس پر چھوٹ (Earned Income

(Tax Credit (EITC) ، بچوں کے ٹیکس پر چھوٹ (Child Tax Credit (CTC)) اور تحفظِ اطفال ٹیکس پر چھوٹ (Child Care Tax Credit (CCTC))۔

(i) پروگرام میں شریک فرد کو وہ تمام موزوں خدمات حاصل کرنی چاہئیں جو پروگرام میں شریک فرد کی بطور کرایہ دار حیثیت، بشمول، مگر بلا تحدید، ملازمت کے حصول، مالک مکان اور کرایہ دار کے درمیان ثالثی، مالیاتی مشاورت اور بے دخلی کی روک تھام کی خدمات، کو محفوظ بنانے کے لیے ضروری ہیں۔ پروگرام میں شریک فرد اپنے نامزد خدمت فراہم کنندہ یا مقامی گھر پر مبنی (HomeBase) دفتر سے ان خدمات کے لیے معاونت یا شخصی حوالے حاصل کر سکتا ہے۔

(j) ایک کمرے یا SRO کو کرائے پر لینے والا شریکِ پروگرام فرد اگر 18 سال سے کم عمر کسی فرد کو اپنے خاندان میں شامل کرنے کا ارادہ رکھتا ہو تو اس مقصد کے لیے کمشنر کو بروقت مطلع کرنا اور سیکشن 10-10 کے مطابق اس منتقلی کی منظوری کی درخواست کرنا ضروری ہو گا۔

(k) خاندان کسی ایسے گھریلو تشدد کے مرتکب فرد کو شامل نہیں کر سکتا ہے۔ جو خاندان کے HRA کی پناہ گاہ میں داخلے یا اس تصدیق نامے کا باعث بنا ہو کہ گھرانہ HRA کی پناہ گاہ کے لیے اہل تھا۔

(l) پروگرام میں شریک فرد کو شہر (City) کے ساتھ CITYFHEPS پروگرام کا نظم و نسق چلانے میں دیگر حوالوں سے مکمل تعاون کرنا ضروری ہو گا۔

§ 10-13 ایجنسی کی جائزہ کانفرنس اور DSS کی انتظامی اپیل کی کارروائی۔

(a) DSS کے انتظامی جائزے کا حق۔

کوئی درخواست دہندہ، پناہ گاہ کا مکین، موجودہ یا سابقہ شریکِ پروگرام، یا خاندان کا فرد اس ضمنی باب کے تحت HRA کی جانب سے کسی ایسے تعین یا اقدامات، ساتھ ہی HRA کی جانب سے اس ضمنی باب کی دفعات کے نفاذ میں کی جانے والی کارروائی میں کوئی ناکامی، یا معقول مستعدی کے ساتھ کارروائی کرنے میں ناکامی کے جائزے کے لیے ایجنسی کی جائزہ کانفرنس اور/یا DSS کی انتظامی سماعت کی درخواست کر سکتا ہے۔

(b) ایجنسی کی جائزہ کانفرنس۔

(1) اگر کوئی فرد، اس سیکشن کی ذیلی شق (a) کے بموجب ایجنسی کی جائزہ کانفرنس کی درخواست کرتا ہے، تو HRA غیر رسمی طور پر پیش کردہ مسائل کا جائزہ لے گا اور انہیں حل کرنے کی کوشش کرے گا۔

(2) کوئی بھی فرد، DSS کی کسی انتظامی سماعت کی درخواست کیے بغیر بھی ایجنسی کی جائزہ کانفرنس کی درخواست کر سکتا ہے۔ ایجنسی کی جائزہ کانفرنس کی درخواست کرنا کسی فرد کو بعد ازاں DSS کی کسی انتظامی سماعت کی درخواست کرنے سے باز نہیں رکھے گا۔

(3) ایجنسی کی جائزہ کانفرنس کی درخواست، چیلنج کردہ تعین یا کارروائی کے بعد لازماً ساٹھ دنوں کے اندر اندر کی جا سکتی ہے، مزید اس شرط کے ساتھ کہ اگر DSS کی انتظامی سماعت کا وقت طے ہوتا ہے، تو ایجنسی کی جائزہ کانفرنس کی درخواست لازمی طور پر طے شدہ سماعت کی تاریخ سے قدرے پہلے کی جائے۔

(4) ایجنسی کی جائزہ کانفرنس کی درخواست، اس سیکشن کی ذیلی شق (c) کے پیراگراف (2) میں مذکور ہدایات کے مطابق، DSS کی انتظامی سماعت کی درخواست کیے جانے کی میعاد میں ایجنسی کی جائزہ کانفرنس کی تاریخ کے بعد ساٹھ دنوں کا اضافہ کر دے گی۔

(c) DSS کی انتظامی سماعت کی درخواست۔

(1) انتظامی سماعت کی درخواست لازماً تحریری شکل میں دی جائے۔ اس طرح کی تحریری درخواست لازمی طور پر بذریعہ ڈاک، الیکٹرانک ذرائع یا فیکس، یا DSS کی جانب سے اپیلوں کے اعلامیے میں طے کردہ دیگر ذرائع سے کی جائے۔

(2) اس سیکشن کی ذیلی شق (b) کے پیراگراف (4) میں طے شدہ نکات کے علاوہ، انتظامی سماعت کی درخواست لازمی طور پر چیلنج کردہ تعین یا کارروائی کے بعد ساٹھ دنوں کے اندر اندر کی جائے۔

(d) مجاز نمائندہ۔

(1) سوائے اس کے کہ جہاں پر تحریری اجازت نامے کی تکمیل ناقابل عمل ہو، اس سیکشن کے تحت کانفرنس یا سماعت کی درخواست کرنے والے کسی فرد کی نمائندگی کرنے کے خواہاں فرد یا تنظیم کے پاس ایجنسی کی جائزہ کانفرنس یا انتظامی سماعت میں متعلقہ فرد کی نمائندگی کرنے اور ان کا کیس ریکارڈ دیکھنے کے لیے اس کی تحریری اجازت لازمی طور پر ہونی چاہیے، بشرطیکہ اس طرح کی تحریری اجازت متعلقہ فرد کے پاس موجود وکیل کی جانب سے مطلوب نہ ہو۔ ایسے وکیل کا کوئی ملازم اگر وکیل کا تحریری اجازت نامہ پیش کرے یا متعلقہ وکیل DSS کو بذریعہ ٹیلیفون اس ملازم کو مجاز بنانے کے حوالے سے ہدایت دیتا ہے تو ایسی صورت میں متعلقہ ملازم کو وکیل کا مجاز نمائندہ تسلیم کیا جائے گا۔

(2) DSS کو یہ اطلاع کر دیئے جانے کے بعد کہ کسی فرد یا تنظیم کو ایجنسی کی جائزہ کانفرنس یا انتظامی سماعت میں فردِ واحد کی نمائندگی کرنے کی اجازت مل چکی ہے، تو متعلقہ نمائندے کو بھی اُن تمام تر مراسلوں کی نقول موصول ہوں گی جو کانفرنس یا سماعت سے متعلقہ ہر فرد کو DSS کی جانب سے ارسال کیے جاتے ہیں۔

(e) امداد جاری رکھنا۔

(1) اگر پروگرام میں شریک کوئی فرد، HRA کی جانب سے اس تعین کی انتظامی اپیل کی درخواست کرتا ہے کہ CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کی ادائیگیوں کو کم، محدود، معطل یا منسوخ کیا جائے، تو پروگرام میں شریک متعلقہ فرد کو CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کی ادائیگیاں تعین کے وقت نافذ العمل رقم کے مطابق اُس وقت تک مسلسل پاتے رہنے کا حق حاصل ہو گا جب تک اس سیکشن کے ذیلی حصے (l) کے بموجب سماعت کا فیصلہ جاری نہ ہوجائے، بشرطیکہ:

(A) پروگرام میں شریک فرد متعلقہ تعین کا اعلامیہ سپرد ڈاک کیے جانے سے دس دنوں کے اندر اندر انتظامی اپیل کی درخواست کرے؛ اور

(B) اپیل غلط شماریاتی حساب یا حقائق سے متعلق غلط تعین کے دعوے پر مبنی ہو۔

(2) اس ذیلی شق کے بموجب CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کی مسلسل ادائیگیوں کا اس صورت میں کوئی حق نہیں ہے کہ جب اپیل سے متعلق پورا معاملہ مقامی، ریاستی یا وفاقی قانون یا پالیسی کا، یا مقامی، ریاستی یا وفاقی قانون میں تبدیلی کا ہو۔

(3) CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کی ادائیگیاں، سماعت کے فیصلے کے اجراء کو مسلسل ملتوی نہیں رکھیں گی جب:

(A) پروگرام میں شریک فرد تحریری طور پر اس طرح کی اعانت جاری رکھنے کے اپنے حق سے رضاکارانہ طور پر دستبردار ہوگیا ہو؛ یا

(B) پروگرام میں شریک فرد انتظامی سماعت میں حاضر نہ ہو اور اس کے پاس حاضر نہ ہونے کی معقول وجہ بھی نہ ہو۔

(4) اگر پروگرام میں شریک فرد اس سیکشن کی ذیلی شق (m) کے بموجب کسی اضافی اپیل کی درخواست کرتا ہے، تو CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کی ادائیگیاں سماعت کے فیصلے کے اجراء کے بعد اس وقت تک بلا تعطل جاری رہیں گی جب تک کہ اس سیکشن کی ذیلی شق (l) کے بموجب ایک تحریری فیصلہ جاری نہ ہو جائے۔

(f) نوٹس۔

DSS، سماعت کی درخواست کرنے والے فردِ واحد کو، اس سیکشن کے تحت انتظامی سماعت کی مقررہ تاریخ سے کم سے کم سات تقویمی دن پہلے انتظامی سماعت کی تاریخ، وقت اور مقام کی اطلاع فراہم کرے گا، سوائے اس کے کہ انتظامی سماعت کی درخواست کے ضمن میں موجود مسئلہ حل ہو گیا ہو اور متعلقہ فرد نے اپنی سماعت کی درخواست واپس لے لی ہو۔

(g) کیس ریکارڈ کا معائنہ۔

اس سیکشن کے تحت کانفرنس یا سماعت کی درخواست کرنے والے فرد یا اس کے مجاز نمائندے کو اپنے CITYFHEPS پروگرام کی کیس فائل، اگر موجود ہو، کے مندرجات، اور اُن تمام دستاویزات اور ریکارڈز کا معائنہ کرنے کا حق حاصل ہے جنہیں HRA، انتظامی سماعت میں استعمال کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ بذریعہ ٹیلیفون یا تحریری شکل میں درخواست کیے جانے پر، HRA متعلقہ فرد کو ایسی تمام دستاویزات کی نقول اور HRA کی ملکیت میں موجود ایسی تمام اضافی دستاویزات کی نقول فراہم کرے گا جنہیں متعلقہ فرد انتظامی سماعت کی تیاری کرنے کے مقاصد کے لیے شناخت یا طلب کرتا ہے۔ HRA، یہ دستاویزات انتظامی سماعت سے قدرے پہلے بلامعاوضہ فراہم کرے گا۔ اگر یہ دستاویزات انتظامی سماعت سے قبل پانچ کاروباری دنوں کے اندر اندر طلب کی جاتی ہیں تو HRA پر لازم ہے کہ متعلقہ فرد کو ان دستاویزات کی نقول انتظامی سماعت کے وقت سے پہلے ضرور فراہم کر دے۔

(h) برخاستگی۔

انتظامی سماعت کو معقول وجہ کے باعث افسر برائے انتظامی سماعت (administrative hearing officer) کی جانب سے اس کی ذاتی صوابدید پر یا متعلقہ فرد یا اس کے مجاز نمائندے، یا HRA کی درخواست پر برخاست کیا جا سکتا ہے۔

(i) انتظامی سماعت کا انعقاد۔

(1) انتظامی سماعت کا انعقاد، DSS کی جانب سے تقرر کردہ ایک غیر جانبدار افسر سماعت کے ذریعے کیا جائے گا جسے حلف لینے اور عدالتی پروانۂ طلبی جاری کرنے کا اختیار حاصل ہو گا اور جو چیلنج کردہ تعین یا کارروائی سے متعلقہ حقائق کی کوئی پیشگی ذاتی معلومات نہیں رکھتا ہو گا۔

(2) انتظامی سماعت غیر رسمی ہوگی، تمام متعلقہ اور ٹھوس شواہد قابل قبول ہوں گے اور شواہد کے قانونی اصول لاگو نہیں ہوں گے۔ انتظامی سماعت اُس (اُن) خاص تعین کے حوالے سے پیش کردہ حقیقی اور قانونی مسائل تک محدود ہوگی جس کے لیے انتظامی سماعت کی درخواست کی گئی تھی۔

(3) سماعت کی درخواست کرنے والے فرد کو تصدیق کرنے، تصدیق کے لیے گواہ پیش کرنے، دستاویزی شہادت پیش کرنے، HRA کی جانب سے پیش کردہ شہادت کے برخلاف شہادت پیش کرنے، افسر سماعت سے پروانۂ طلبی جاری کرنے کی درخواست کرنے، اور HRA کی جانب سے پیش کردہ کسی بھی دستاویزات کا معائنہ کرنے کے لیے کونسل یا دوسرے نمائندے کے ذریعے نمائندگی کرانے کا حق حاصل ہو گا۔

(4) انتظامی سماعت کی ایک صوتی ریکارڈنگ، صوتی بصری ریکارڈنگ یا تحریری نقل حرفی کو تیار کیا جائے گا۔

(j) درخواست برائے انتظامی سماعت کی برخاستگی۔

(1) DSS اس صورت میں انتظامی سماعت کی درخواست کو باطل خیال کرے گا جب کہ سماعت کی درخواست کرنے والا متعلقہ فرد یا اس کا مجاز نمائندہ دونوں میں سے کوئی بھی انتظامی سماعت میں حاضر نہ ہو، سوائے اس کے کہ متعلقہ فرد یا اس کا مجاز نمائندہ دونوں میں سے کسی نے بھی:

(A) انتظامی سماعت کا وقت دوبارہ طے کرنے کی درخواست کرنے کے لیے انتظامی سماعت سے قبل DSS سے رابطہ کیا ہو؛ یا

(B) انتظامی سماعت کی مجوزہ تاریخ سے پندرہ تقویمی دنوں کے اندر اندر، DSS سے رابطہ کیا ہو اور مقررہ تاریخ پر انتظامی سماعت میں حاضر نہ ہو پانے کی معقول وجہ فراہم کر دی ہو۔

(2) اگر متعلقہ فرد یا اس کے مجاز نمائندنے نے اس ذیلی شق کے پیراگراف (1) کے تقاضوں کو پورا کر دیا ہو تو DSS مقدمے کا اندراج کیلنڈر پر کردے گا۔

(k) سماعت کا ریکارڈ۔

سماعت کی ریکارڈنگ یا تحریری نقل حرفی، تمام کاغذات اور سماعت کے سلسلے میں دائر کردہ درخواستیں، اور سماعت کا فیصلہ مجموعی طور پر انتظامی سماعت کے مکمل اور جامع ریکارڈ کو لازم بناتے ہیں ۔

(l) سماعت کا فیصلہ۔

افسر سماعت صرف اور صرف سماعت کے ریکارڈ کی بنیاد پر ایک فیصلہ صادر کرے گا۔ فیصلہ تحریری شکل میں ہونا لازم ہے اور انتظامی سماعت کے مسائل، متعلقہ حقائق، اور قابل اطلاق قانون، ضوابط اور منظور شدہ پالیسیاں، اگر کوئی ہوں، تو یہ سب اس میں مذکور ہونے چاہئیں جن پر فیصلے کی بنیاد ہے۔ فیصلے میں قابل تعین مسائل کی نشاندہی ہونا، حقیقت کے نتائج درج ہونا، تعین کی وجوہات بیان کرنا، اور جہاں مناسب ہو، مخصوص کارروائی کے لیے HRA کو ہدایت دینا ضروری ہے۔

(1) فیصلے کی ایک نقل، تمام فریقین اور ان کے مجاز نمائندوں کو، اگر کوئی ہوں، ارسال کی جائے گی۔ فیصلے میں، مزید اپیل کے حق کی سماعت کی درخواست کرنے والے فرد کو بھیجا جانے والا تحریری اعلامیہ اور اس اپیل کو کیے جانے کا طریقۂ کار شامل ہو گا۔

(2) HRA ایسے کسی سماعتی فیصلے کا پابند نہیں ہے جو افسر سماعت کے اختیارات سے متجاوز ہو یا جو وفاقی، ریاستی، یا مقامی قانون یا ان اصول و ضوابط سے متصادم ہو۔ اگر کمشنر یہ طے کرتا ہے کہ HRA کسی سماعتی فیصلے کا پابند نہیں ہے، تو کمشنر فوری طور پر سماعت کی درخواست کرنے والے فرد کو اس تعین سے آگاہ کرے گا اور تعین کی وجوہات سے بھی مطلع کرے گا. ایسا نوٹس تحریری شکل میں ہو گا اور متعلقہ فرد کو عدالتی جائزے کے حق سے بھی مطلع کرے گا۔

(m) اضافی اپیل۔

(1) افسر سماعت کے فیصلے سے ماخوذ ایک اپیل کمشنر کو تحریری شکل میں پیش کی جاسکتی ہے بشرطیکہ یہ DSS کی جانب سے سماعتی فیصلے کے ساتھ کہمنسلک اطلاع نامے میں بیان کردہ طریقۂ کار کے تحت، DSS کی جانب سے افسر سماعت کا فیصلہ بھیجے جانے کے پندرہ کاروباری دنوں کے اندر اندر وصول ہو جائے۔ کمشنر کو پیش کردہ ریکارڈ؛ سماعت کے ریکارڈ، افسر سماعت کے فیصلے اور کسی بھی ایسے حلف نامے، دستاویزی شہادت، یا ایسے تحریری دلائل پر مشتمل ہو گا جو درخواست دہندہ یا پروگرام میں شریک فرد جمع کرانا چاہتا ہو۔

(2) کمشنر؛ سماعت کے ریکارڈ اور درخواست دہندہ یا پروگرام میں شریک فرد اور HRA کی جانب سے جمع کردہ کسی دستاویزی شہادت کی بنیاد پر ایک تحریری فیصلہ صادر کرے گا۔

(3) فیصلے کی ایک نقل، بشمول درخواست دہندہ یا پروگرام میں شریک فرد کو عدالتی جائزے کے حق کے تحریری نوٹس کے، تمام فریقین اور ان کے مجاز نمائندوں، اگر کوئی ہوں، کو بھیجی جائے گی۔

(4) اس سیکشن کے تحت کی جانے والی اپیل کے بموجب کمشنر کا فیصلہ جاری ہونے پر، حتمی اور HRA کے لیے واجب العمل ہو گا اور HRA کے لیے اس پر کاربند رہنا ضروری ہو گا۔

§ 10-14 مالک مکان کے لیے لوازمات

(a) وہ مالک مکان جو CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کے حصول کے لیے خاندان کے ساتھ لیز یا دیگر کرایہ جاتی معاہدہ کرتا ہے، اس کے لیے لیز یا کرایہ جاتی معاہدے میں مقرر کردہ مناسب فیس یا کرائے سے متجاوز رقم طلب کرنے، درخواست کرنے، یا وصول کرنے کی ممانعت ہے، خواہ خاندان کے افراد کی تعداد میں کوئی تبدیلی ہی کیوں نہ ہوجائے۔

(b) جب HRA کی جانب سے مہینے کے آخری دن CITYFHEPS کی ماہانہ کرایہ جاتی اعانت کی ادائیگیاں اور PA کی ماہانہ پناہ گاہ کے وظیفے کے ضمن میں ادائیگیاں (اگر کوئی ہوں) مکمل طور پر جاری کر دی جائیں، تو یہ ادائیگیاں متعلقہ

مہینے کے CITYFHEPS یونٹ کے کرائے کے ضمن میں بروقت ادائیگیاں تصور ہوں گی، قطع نظر اس سے کہ CITYFHEPS یونٹ کی لیز میں اس کے برخلاف شقیں موجود ہوں۔

(c) مالکان مکان کے لیے کیش سیکیورٹی ڈپازٹ کے بجائے HRA سیکیورٹی واؤچر قبول کرنا ضروری ہو گا اور انہیں کلائنٹ سے کوئی اضافی سیکیورٹی طلب کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

(d) مالکان مکان، HRA اور خاندان دونوں کی پیشگی تحریری منظوری کے بغیر خاندان کو ایک یونٹ سے دوسرے میں قطعاً منتقل نہیں کرسکتے۔ ہیں:

(e) اگر خاندان اُس یونٹ کو چھوڑ کر جاچکا ہے جس پر CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کا اطلاق ہوتا ہو، تو مالکان مکان کو اس بات کا علم ہوتے ہی 5 کاروباری دنوں کے اندر اندر HRA کو لازماً مطلع کرنا ہو گا۔

(f) اگر پروگرام میں شریک فرد کی بطور کرایہ دار حیثیت کو متاثر کرنے والی کسی بھی قانونی کارروائی کا آغاز ہوتا ہے، تو مالکانِ مکان کو 5 کاروباری دنوں کے اندر HRA کو لازماً مطلع کرنا ہو گا۔

(g) اگر مالک مکان، متعلقہ اراضی کا مالک، یا مینجمنٹ کمپنی تبدیل ہو جائے، تو مالکانِ مکان کو فوری طور پر HRA کو مطلع کرنا ہو گا۔

(h) اگر خاندان CITYFHEPS یونٹ کو چھوڑ کر جا چکا ہو، تو مالک مکان کو تمام فاضل ادائیگیاں HRA کو واپس لو ٹانی ہوں گی۔

(i) مالکان مکان کو تمام تر فاضل ادائیگیاں، بشمول مگر بلا تحدید، غلطی سے ادا کردہ یا CITYFHEPS پروگرام کے حوالے سے مالک مکان کی جانب سے جمع کرائی گئی غلط، گمراہ کن یا نامکمل معلومات کے نتیجے میں ادا کردہ رقم، شہر (City) کو لازمی طور پر بروقت لو ٹانی ہوگی۔

(j) مالکانِ مکان کی جانب سے، مالک مکان پر لاگو ہونے والے لوازمات کی خلاف ورزی کی صورت میں، ان پر شہری کرایہ جاتی اعانت کے پروگرامز میں شرکت پر پابندی عائد کی جا سکتی ہے۔ کسی مالک مکان کو نااہلی کی فہرست میں ڈالنے سے پہلے، HRA مالک مکان کو نوٹس دے گا اور مالک مکان کو تحریری طور پر اعتراض جمع کرانے کا ایک موقع فراہم کرے گا۔

§ 10-15 اضافی دفعات۔

(a) CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کو نیو یارک کے مجموعۂ قوانین، اصول اور ضوابط کے عنوان 18 کے سیکشن 352.3 کے بموجب فراہم کردہ PA پناہ گاہ کے وظیفے کے علاوہ کرایے کی کسی دیگر مراعات کے ساتھ نہیں ملایا جا سکتا، سوائے اس کے کہ وہ معاملات جہاں مراعات کا اختلاط عملی ہو اور قانون کے خلاف نہ ہو، ان میں کمشنر کی پیشگی منظوری حاصل ہو۔

(b) درخواست دہندگان اور پناہ گاہ میں مقیم افراد، ممکنہ رہائشی سہولت کی نشاندہی کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ تاہم، پناہ گاہ کا عملہ، HRA اور DHS پناہ گاہوں کے مکینوں کو ان کی رہائش گاہ کی تلاش میں مدد فراہم کرے گا اور پناہ گاہ میں مقیم اور

دیگر ان افراد کو CITYFHEPS کا خریداری مراسلہ فراہم کرے گا جنہیں CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کے لیے ممکنہ طور پر اہل پایا گیا ہو گا۔

(c) HRA، CITYFHEPS پروگرام کے لیے منتظر افراد کی فہرست مرتب نہیں کرے گا۔

(d) خاندانوں کے ایسے اہل افراد جنہیں اس سیکشن کے تحت CITYFHEPS کی کرایہ جاتی اعانت کے لیے منظوری مل سکتی ہو، ان کی تعداد دستیاب فنڈنگ کی رقم کے لحاظ سے محدود ہوگی۔

(e) ایک LINC کا شریک فرد جو کسی ایسے یونٹ کے لیے لیز کا حامل ہو جس پر اس قانون کی نافذ العمل تاریخ پر اجازت یافتہ کرایوں کے لحاظ سے سرکاری ضوابط کا اطلاق ہوتا ہو، اسے CITYFHEPS کے لیے اپنی اہلیت میں کوئی کمی لائے بغیر، مقامی، ریاستی یا وفاقی قانون کے تحت مجاز کسی بھی سرکاری ادارے کی جانب سے اپنی لیز کی مجاز شرح پر تجدید کو قبول کرنے کی اجازت ہوگی۔

(f) CITYFHEPS پروگرام میں موجود خاندانوں کو خدمات فراہم کنندگان کی جانب رجوع کرایا جائے گا جو انہیں ان کے معاشرتی حلقوں میں مناسب خدمات سے منسلک ہونے میں ان کی مدد کریں گے۔

نیویارک شہر کے ناظم کا دفتر برائے عملی معاملات
(NEW YORK CITY MAYOR’S OFFICE OF OPERATIONS)

253 BROADWAY, 10th FLOOR
NEW YORK, NY 10007
212-788-1400

تصدیق / تجزیہ
منشور سیکشن 1043(d) کے مطابق

اصول کا عنوان: CITYFHEPS کے نام سے معروف نیا شہری کرایہ جاتی اعانت کا پروگرام

حوالہ نمبر: HRA-19

قانون ساز ایجنسی: ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن

میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ اس محکمے نے نیو یارک شہر کے منشور کے سیکشن 1043(d) کے لوازمات کے مطابق اوپر بیان کردہ مجوزہ اصول کا تجزیہ کر لیا ہے اور یہ کہ اوپر بیان کردہ مجوزہ اصول:

(i) قابل فہم ہے اور علیحدہ باضابطہ برادری یا برادریوں کے لیے سادہ زبان میں تحریر کیا گیا ہے؛

(ii) اصول کے بیان کردہ مقصد کے حصول کے ساتھ ہم آہنگ رہتے ہوئے باضابطہ برادری یا باضابطہ برادریوں کے لیے تعمیلی اخراجات کو کم کرتا ہے؛ اور

(iii) کوئی تدارکی عرصہ فراہم نہیں کرتا کیونکہ یہ کسی خلاف ورزی، خلاف ورزی میں ردوبدل، یا خلاف ورزی کے ساتھ وابستہ جرمانوں میں ردوبدل کا باعث نہیں بنتا۔

/s/ ALEXANDRA OZOLS/
دفترِ ناظم برائے عملی معاملات
(Mayor’s Office of Operations)

17 جولائی، 2018
تاریخ

نیویارک شہر کا شعبہ قانون
(NEW YORK CITY LAW DEPARTMENT)

(DIVISION OF LEGAL COUNSEL) ڈویژن برائے قانونی کونسل
100 CHURCH STREET
NEW YORK, NY 10007
212-356-4028

تصدیق بمطابق

§1043(d) منشور

اصول کا عنوان: CITYFHEPS کے نام سے معروف نیا شہری کرایہ جاتی اعانت کا پروگرام

حوالہ نمبر: 2018 HRA 007 (CITYFHEPS)

قانون ساز ایجنسی: ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن

میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ اس محکمے نے نیو یارک شہر کے منشور کے سیکشن 1043(d) کے لوازمات کے مطابق اوپر بیان کردہ مجوزہ اصول کا جائزہ لے لیا ہے اور یہ کہ اوپر بیان کردہ مجوزہ اصول:

(i) اس طرح سے تیار کیا گیا ہے کہ جو قانونی نکات کو مجاز بنانے کے مقصد کی تکمیل کرے؛

(ii) دیگر قابل اطلاق قوانین کے ساتھ متصادم نہیں ہے؛

(iii) قابل عمل اور مناسب حد تک، اپنے بیان کردہ مقصد کو حاصل کرنے کے لیے محتاط انداز میں تیار کیا گیا ہے؛ اور

(iv) قابل عمل اور مناسب حد تک، بنیاد اور مقصد کے گوشوارے پر مشتمل ہے جو اصول کی دو ٹوک وضاحت اور اصول کی جانب سے عائد کردہ لوازمات فراہم کرتا ہے۔

/s/ STEVEN GOULDEN
کارپوریشن کی فعال کونسل

تاریخ: 17 جولائی 2018